★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

قوت

روزنامہ

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 14 شعبان المعظم 1446ھ، 13 فروری 2025ء، 31 بھاگ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 113

ملک میں شدت پسند اسوچ کو پنپنے کی اجازت نہیں دینگے، مریم نواز

ہر قسم کے تشدد، انتہا پسندانہ رویے کی شدید مذمت کرتے ہیں انتہا پسندانہ نظریات اور دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر جدوجہد جاری رکھیں گے: وزیراعلیٰ پنجاب کا انتہا پسندانہ تشدد کے انسداد کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام

ہر سطح پر انتہا پسندی اور عدم برداشت کی حوصلہ شکنی، پنجاب حکومت امن، رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ہمہ پر اقدامات کر رہی ہے، نوجوانوں کو انتہا پسندی کے بجائے علم، ترقی اور مثبت سوچ کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں



لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو انتہا پسندی کے بجائے علم، ترقی اور مثبت سوچ کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے انتہا پسندانہ تشدد کے انسداد کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہر قسم کے تشدد، انتہا پسندانہ رویے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

ایل ڈی اے کے تحت لاہور کا پہلا مربوط ترقیاتی منصوبہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا گلبرگ سکیم بلاک تھری پائلٹ پراجیکٹ کا دورہ

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تحت لاہور کا پہلا مربوط ترقیاتی منصوبہ گلبرگ سکیم بلاک تھری پائلٹ پراجیکٹ کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایل ڈی اے کی جانب سے گلبرگ سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل پراجیکٹ کا جائزہ لیا اور گلبرگ تھری پائلٹ بلاک میں جاری پائلٹ پراجیکٹ کا معائنہ بھی کیا۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

سندھ کے نوجوان کرکٹرز کو موقع ملنا چاہیے، وزیراعلیٰ کا چیئرمین PCB سے مطالبہ

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور خصوصاً صوبے میں کرکٹ کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

سندھ میں جلد ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کیا جائیگا، کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری سے نوجوانوں کو زیادہ سہولیت کا موقع ملیگا: محسن نقوی کی یقین دہانی

کراچی (نامہ نگار) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور خصوصاً صوبے میں کرکٹ کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبائی وزیر کھیل و ثقافت سید ناصر شاہ، وزیر اطلاعات شرجیل میمن، مشیر وزیراعلیٰ مرتضیٰ وہاب، سیکرٹری اسپورٹس و ثقافت سید سکندر علی شاہ، ڈی جی سپورٹس بورڈ ثمینہ راشد، ڈی جی کھیل ثمینہ رشید، ڈی جی ثقافت ثمینہ سید، ڈی جی سندھ اس

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

ایوان اوقاف ترقیاتی منصوبہ میں بدعنوانی پر سخت ایکشن، ایکسیئن ہیڈ کوارٹر رانا زوہیب معطل

بوگس سی ڈی آرز کی بروقت تصدیق حاصل نہ کرنے پر سرکل ہیڈ ڈرافٹسمین مسٹر نعیم عباس بھی معطل

کرپشن پر زیرو ٹالرینس، تعمیراتی پراجیکٹس میں شفافیت اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ سیکرٹری اوقاف

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا ایوان اوقاف ترقیاتی منصوبہ میں بے ضابطگی پر سخت ایکشن، تعمیراتی فرم کے کوائف، کام اور کوالٹی جعلی ثابت ہونے پر ایکسیئن ہیڈ کوارٹر رانا زوہیب اور بوگس سی ڈی آرز کی بروقت تصدیق حاصل نہ کرنے پر سرکل ہیڈ ڈرافٹسمین مسٹر نعیم عباس معطل کر دیے۔ سیکرٹری اوقاف نے ابتدائی انکوائری کے لیے، ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف کی سربراہی میں چار رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی میں ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ (دوئم)، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرکیٹیکٹ اور سیکشن آفیسر (جنرل) شامل، کمیٹی تین روز میں مفصل جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ سیکرٹری اوقاف نے اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کرپشن پر زیرو ٹالرینس ہے، تعمیراتی پراجیکٹس میں شفافیت اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ میرٹ اور محکمانہ مفاد بنیادی ترجیح، فرائض سے غفلت برتنے اور مقررہ معیار پر پورا نہ اُترنے والوں کے خلاف انضباطی کارروائی سے دریغ نہیں ہوگا۔ شفافیت لانے کے لئے محکمہ کو بدعنوان اور نااہل عناصر سے پاک کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دفتری افسران/اہلکاران کو محنت، دیانت اور اخلاص کے ساتھ اداروں میں فرائض کی ادائیگی کو یقینی بنانا چاہیے۔ واضح رہے کہ ایوان اوقاف بلڈنگ کے ترقیاتی منصوبہ میں ٹینڈر رنگ پراسس کے ذمہ دار اور پراجیکٹ انچارج ایکسیئن ہیڈ کوارٹر رانا زوہیب کی ملی بھگت سے ماتحت کے نام سے بوگس کمپنی کو کام الاٹ ہوا۔ چونتیس لاکھ روپے کی جعلی سی ڈی آر زو بینک ڈرافٹ جو کہ پنجاب بینک اور سلک بینک کے نام سے ملی بھگت سے تیار کروائے گئے، جن کو متعلقہ ایکسیئن ہیڈ کوارٹر اور سرکل ہیڈ ڈرافٹسمین نے تصدیق کے بغیر قبول کیا۔



کوآرڈینیٹر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے بہبود آبادی سائرہ افضل تارڑ ڈپارٹمنٹ ورلڈ بینک کے تعاون سے پی ایف پی پی اسٹیک ہولڈرز کانفرنس 2025ء خطاب کر رہی ہیں۔ سٹیج پر سیکرٹری نادیہ ثاقب، ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے، پروگرام ڈائریکٹر ڈائریکٹر خلیل احمد، ٹیم لیڈ ورلڈ بنک جہانزیب سہیل، پاپولیشن پروگرامر کیپٹن ریٹائرڈ عثمان علی خان، بھی موجود ہیں

پی ایف پی پی اسٹیک ہولڈرز کانفرنس 2025ء کا انعقاد

پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام۔ صحت مند مستقبل کے لیے امید کی کرن ورلڈ بنک کا تاریخ ساز پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام

پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے ایک مثبت رجحان مہمان خصوصی کوآرڈینیٹر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے بہبود آبادی کا معلوماتی وسحر انگیز خطاب

کانفرنس میں سیکرٹری نادیہ ثاقب، ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے ومحکمہ صحت ومحکمہ بہبود آبادی اور ورلڈ بنک کے کنٹری ہیڈ و دیگر افسران کی شرکت

خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے مستقبل کو تشکیل دینے صحت مند کمیونٹیز کے لیے بامعنی تبدیلی لانے کا اہم ذریعہ قرار دیا: سائرہ افضل تارڑ

پنجاب میں کل اوسط شرح پیدائش جو کہ 2017ء میں 7.3 بچوں سے کم ہو کر 2024ء میں 5.3 بچوں سے بھی کم ہوئی ہے: مشیر بہبود آبادی

لاہور (خبر نگار) پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ اور پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ورلڈ بینک کے تعاون آج مقامی ہوٹل میں پی ایف پی پی اسٹیک ہولڈرز کانفرنس 2025ء کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی کوآرڈینیٹر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے بہبود آبادی سائرہ افضل تارڑ نے شرکت کی۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر و سیکنڈری ہیلتھ نادیہ ثاقب، ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے، پروگرام ڈائریکٹر ڈائریکٹر خلیل احمد، ٹیم لیڈ ورلڈ بنک جہانزیب سہیل، پاپولیشن پروگرامر کیپٹن ریٹائرڈ عثمان علی خان، ڈپٹی ڈائریکٹر حمزہ تارڑ، ڈاکٹر علی مرزا کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے خطبہ استقبالیہ میں کہا کہ پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام (PFPP)، جو مشترکہ طور پر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ اور پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری ہے، پنجاب بھر میں اعلیٰ معیار کی خاندانی منصوبہ بندی (FP) خدمات تک رسائی کو تبدیل کر رہا ہے۔ یہ اقدام ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے، خاندانوں کو بااختیار بنانے، اور مضبوط تولیدی صحت کی خدمات کے ذریعے سماجی و اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ تعاون کو بڑھانے اور کوششوں کو ہموار کرنے کے لیے، PFPP اسٹیک ہولڈرز کانفرنس کی میزبانی کی۔ اس کانفرنس میں اہم پالیسی سازوں، ترقیاتی شراکت داروں، اور تکنیکی ماہرین کو حکمت عملیوں کو ہم آہنگ کرنے اور اہداف کی جانب پیش رفت کو تیز کرنے کے لیے اکٹھا کیا گیا۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ نادیہ ثاقب نے اپنے خطاب میں کہا کہ کانفرنس پروگرام کی پہلے سال کی کامیابیوں کا جائزہ لینے، جاری اقدامات پر تبادلہ خیال، اور FP سروس کی فراہمی کو بڑھانے کے لیے مستقبل کی ترجیحات کی نشاندہی کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گی۔ باہمی مکالمے کے ذریعے، اسٹیک ہولڈرز پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کے لیے مربوط اور پائیدار نقطہ نظر کو یقینی بناتے ہوئے پالیسی، گورننس اور عمل درآمد میں درپیش چیلنجز سے نمٹیں گے۔ ورلڈ بنک کے تعاون سے صوبہ بھر میں جاری، پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام" پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ اور پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈپارٹمنٹ مشترکہ طور پر عمل پیرا ہیں جس سے پنجاب بھر میں اعلیٰ معیار کی خاندانی منصوبہ بندی (FP) خدمات تک رسائی کو تبدیل کر رہا ہے۔ مہمان خصوصی کوآرڈینیٹر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے بہبود آبادی سائرہ افضل تارڑ نے اپنے سحر انگیز خطاب میں کہا کہ خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے مستقبل کو تشکیل دینے اور مضبوط، صحت مند کمیونٹیز کے لیے بامعنی تبدیلی لانے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اہم اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ بہبود آبادی کے بہترین اقدامات کی بدولت لوگوں میں شعور و آگاہی سے کنٹراسیپٹیو ادویات کے استعمال میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔ چھوٹے خاندانوں کے لیے ذرائع ابلاغ پر مبنی مہمات، کم بچوں کے نتیجے میں زرخیزی کے رجحانات میں کمی اور آبادی میں اضافے کی شرح میں کمی واقع ہوتی ہے۔ عوامی بیداری پر مبنی میڈیا کی طاقت کو زیادہ سے زیادہ استعمال کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بیورو آف شماریات پنجاب کی سروے رپورٹ نے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی حکمت عملیوں نے تاریخ رقم کر کے دیگر صوبوں کے لئے اسے رول ماڈل بنا دیا ہے۔ جبکہ 15 تا 49 سال عمر کی خواتین میں نوعمر بچوں کی پیدائش کی شرح 40 سے کم ہو کر 33 ہوگئی ہے۔ دیگر شرکاء نے بھی اپنے اپنے خطاب میں ورلڈ بنک کے فیملی پلاننگ پروگرام کو آبادی میں اضافہ کو کنٹرول کرنے میں اہم پیش رفت قرار دیا۔

شہر میں ڈاکوؤں نے لوٹ مار کا سلسلہ تیز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں ڈاکوؤں نے لوٹ مار کا سلسلہ تیز کر دیا، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 3 5 3 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 10 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے، 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، چھینا مار کارروائیوں میں ڈاکو 19 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 36 موٹر سائیکلیں، 2 ویگو وہیکل، 1 موبائل چوری ہو گیا اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 275 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

تھانہ شالیمار چھاؤنی انویسٹی گیشن پولیس نے فنانشل کرائم کے 8 مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ شالیمار چھاؤنی انویسٹی گیشن پولیس نے فنانشل کرائم کے 8 مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کر لیا ترجمان کے مطابق ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایت پر فنانشل کرائم کے اشتہاری ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤ ※ ن ن کے دوران تھانہ شالیمار چھاؤ ※ ن ی انویسٹی گیشن پولیس نے فنانشل کرائم کے 8 مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم محمد احمد کو گرفتار کر لیا گی پولیس کا کہنا ملزم امانت میں خیانت اور چیک ڈس آنر کے مقدمات میں شالیمار چھاؤ ※ ن ی، مناواں اور ڈیفنس A پولیس کو مطلوب تھا،

پاکستان ریلویز پولیس کے پرائیویٹ سیکرٹری فضل محمود اور آفس سپرنٹنڈنٹ ندیم ضیاء مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائرڈ

ریٹائرڈ ہونے والے افسران کو آئی جی ریلویز پولیس نے شیلڈ سے نوازا اور جسٹرار سی پی او ریلویز محمد احمد بابر نے الوداعی تقریب کا اہتمام کیا





لاہور (سپیشل رپورٹر) پاکستان ریلویز پولیس کے پرائیویٹ سیکرٹری فضل محمود اور آفس سپرنٹنڈنٹ ندیم ضیاء مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائر ہو گئے۔ ریٹائرڈ ہونے والے افسران کو آئی جی ریلویز پولیس نے شیلڈ سے نوازا اور جسٹرار سی پی او ریلویز محمد احمد بابر نے الوداعی تقریب کا اہتمام کیا۔ تقریب میں ریٹائر ہونے والے افسران کو لئے نیک تمناؤں اور ریٹائرمنٹ کے بعد کی زندگی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔ گریڈ 18 کے فضل محمود بطور پرائیویٹ سیکرٹری سینٹرل پولیس آفس ریلویز اور گریڈ 16 کے ندیم ضیاء بطور آفس سپرنٹنڈنٹ ورکشاپس ڈویژن سے ریٹائر ہوئے۔ تقریب میں ڈی ایس پی لیگل جمیل کاشف بٹ، ڈی ایس پی اسپیشل برانچ ثناء الرحمن، رجسٹرار محمد احمد بابر، آئی جی ریلویز کے پرائیویٹ سیکرٹری سعید یوسف، آفس سپرنٹنڈنٹ بجٹ جواد شاہ، آفس سپرنٹنڈنٹ ایڈمن محمد یامین، آفس سپرنٹنڈنٹ لاہور ڈویژن میر اکبر اعوان اور اے سی پی عبدالجبار سمیت سینٹرل پولیس آفس کے دیگر افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔

شعبہ نرسنگ کی تین افسران کو گریڈ 20 میں ترقی دینے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا



لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے صوبائی سلیکشن بورڈ ون کی سفارشات پر شعبہ نرسنگ کی تین افسران کو گریڈ 20 میں ترقی دینے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ نے صوبائی سلیکشن بورڈ ون کو 14 نرسنگ افیسرز کا کیس بھجوایا تھا جس پر مکمل غور و خوض کے بعد تین سینئر افسران کو گریڈ 20 میں ترقی دینے کے ساتھ 11 نرسنگ افسران کو ڈیفر کر دیا گیا ہے۔ گریڈ 20 میں ترقی پانے والی افسران میں پرنسپل کالج آف نرسنگ کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی بشریٰ مقبول کو گریڈ 20 میں ترقی دے کر موجودہ عہدے پر کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ پوسٹ گریجویٹ کالج آف نرسنگ میں تعینات پرنسپل رضیہ بانو کو ترقی دے کر ان کے موجودہ عہدے پر کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اور نشتر ہسپتال ملتان کی نرسنگ سپرنٹنڈنٹ رخسانہ پروین کو ترقی دے کر پرنسپل کالج آف نرسنگ رحیم یار خان تعینات کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ 11 دیگر نرسنگ افسران جنہوں نے چند ماہ قبل گریڈ 19 میں ترقی حاصل کی تھی۔



لاہور: پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی، الحاج مظفر علی عطاری، حافظ سلامت علی چشتی و دیگر علماء اکرام 21 ویں اہلسنت کانفرنس کے موقع پر اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

ای او بی آئی کاروباری مراکز پر چھاپے، تاجروں کو ہراساں کرنا بند کرے: لاہور چیمبر

ایسے جابرانہ اقدامات کو فوری طور پر روکا جائے جو تاجروں اور صنعتکاروں میں بے چینی اور اضطراب پیدا کر رہے ہیں



لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ایمپلائیز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (ای او بی آئی) کی جانب سے کاروباری مراکز پر چھاپوں میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہیں معاشی استحکام، سرمایہ کاروں کے اعتماد اور کاروباری ماحول کے لیے زہر قاتل قرار دیا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوزر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے ایک بیان میں حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے جابرانہ اقدامات کو فوری طور پر روکا جائے جو تاجروں اور صنعتکاروں میں بے چینی اور اضطراب پیدا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اور صنعتکار معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور ان کے کاروبار پر بلا جواز چھاپے اور غیر ضروری انسپکشنز مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو منفی پیغام دے رہے ہیں۔ پہلے ہی مہنگائی، بلند توانائی اخراجات اور اقتصادی عدم استحکام کے باعث کاروباری برادری شدید مشکلات کا شکار ہے، ایسے میں کاروباری اداروں کو ہراساں کرنا اور انہیں غیر ضروری دباؤ ※ ن میں ڈالنا معاشی حالات کو مزید خراب کرے گا۔ اگر تاجروں اور صنعتکاروں کو محفوظ اور سازگار ماحول فراہم نہ کیا گیا تو اقتصادی بحالی ایک خواب ہی رہے گی۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے مزید کہا کہ معاشی ترقی کے لیے تاجروں اور صنعتکاروں کا احترام انتہائی ضروری ہے اور اس قسم کی سخت کارروائیاں حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان اعتماد کو نقصان پہنچائیں گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان اقدامات پر فوری نظر ثانی کی جائے اور کاروباری اداروں کے ساتھ منصفانہ اور شفاف پالیسی اپنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ چھاپے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ بنتے ہیں بلکہ کاروباری ماحول کو بھی خراب کرتے ہیں۔ اگر کوئی قانونی یا ریگولیٹری معاملات ہیں تو انہیں بات چیت، قانونی طریقہ کار اور مشاورت کے ذریعے حل کیا جائے۔

باغبانپورہ پولیس نے 03 رکنی خطرناک حماد ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ پولیس نے 03 رکنی خطرناک حماد ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق باغبانپورہ پولیس نے کاروائی کے دوران ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ حماد، زین العابدین اور ارشد کو گرفتار کر کے ملزمان سے 02 موٹر سائیکلز، نقدی، 02 پستول اور گولیاں برامد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے مختلف علاقوں میں گن پوائنٹ پر وارداتیں کرنے کا اعتراف کیا ہے

سبزہ زار پولیس نے 15 کی کال پر فوری کاروائیاں کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم اور منشیات فروش کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سبزہ زار پولیس نے 15 کی کال پر فوری کاروائیاں کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم اور منشیات فروش کو گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق سبزہ زار پولیس نے کاروائیوں کے دوران ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم رجب شاہ سے پستول بمہ گولیاں اور بدنام زمانہ منشیات فروش زاہد اقبال سے 12 سو 60 گرام منشیات برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کے لئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا

پہلی تین پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو کیش انعامات دینے کا اعلان

اسطرح کے مقابلوں کا انعقاد طلباء کی تحقیقی اور تنقیدی صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے: ڈاکٹر شاہد منیر



لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں سٹیم (سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، ریاضی) مقابلہ جات اور پاکستان بھر سے سال آخر کے پراجیکٹس کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ نمائش کا انعقاد یو ای ٹی سائنس سوسائٹی نے کیا۔ سٹیم مقابلوں میں یو ای ٹی لاہور کے تمام شعبہ جات کے ساتھ ساتھ اس کے سب کیمپسز جس میں یو ای ٹی فیصل آباد، یو ای ٹی نارووال، یو ای ٹی نیو کیمپس کالا شاہ کاکو اور رچنا کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی گوجرانوالہ شامل ہیں، نے بھی بھرپور شرکت کی۔ وائس چانسلر یو ای ٹی لاہور ڈاکٹر شاہد منیر نے سائنس سوسائٹی کے ایڈوائزر پروفیسر ڈاکٹر شاہد رفیق کے ہمراہ تقریب کا افتتاح کیا اور پورے پاکستان سے 20 سے زائد جامعات کے طلباء کی جانب سے لگائے گئے اسٹالز کا دورہ کیا۔ انہوں نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سٹیم مقابلہ جات کا انعقاد بہت حوصلہ افزاء ہے۔ اس طرح کے مقابلوں سے طلباء میں نئی ایجادات کرنے کے حوالے سے نا صرف شوق پیدا ہوتا ہے بلکہ یہ طلباء میں تخلیقی سوچ، خود کار طریقے سے کام کرنے اور آپس میں تعاون کو فروغ دیتے ہیں۔ آج کے اس مقابلے میں بھی بہت سارے پراجیکٹ ایسے ہیں جن پر توجہ دی جائے تو مستقبل میں ملک کی ترقی کے حوالے سے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سٹیم مقابلہ جات ہر سال سائنس اور ٹیکنالوجی کے طلباء کی صلاحیتوں کو ابھارنے کیلئے منعقد کئے جاتے ہیں۔ یہ مقابلہ جات پہلے یونیورسٹی کی سطح پر اور پھر بین الیونیورسٹی سطح پر کروائے جاتے ہیں۔ جس کے تحت پہلے تین درجات حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کئے جاتے ہیں۔ رواں سال بھی طلباء وطالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں بالترتیب 50 ہزار، 30 ہزار اور 20 ہزار کے کیش انعامات دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

ہلال احمر پاکستان پنجاب کے زیر اہتمام عطیہ خون کے کیمپ کا انعقاد

یہ بلڈ کیمپ سپیشل تھیلیسیمیا کے بچوں کے لیے کیا گیا تھا، اس میں کالج ہذا کی طالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا





لاہور (شیروز میاں سے) ہلال احمر پاکستان پنجاب برانچ اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین سمن آباد لاہور کے باہمی اشتراک سے عطیہ خون کے کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ یہ بلڈ کیمپ سپیشل تھیلیسیمیا کے بچوں کے لیے کیا گیا تھا۔ اس میں کالج ہذا کی طالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اور 35 بلڈ یونٹ اکٹھے کیے گئے۔ کیمپ کے اختتام پر تمام ڈونرز اور آرگنائزرز کو تعریفی اسناد دی گئی۔ اس کیمپ میں بطور مہمان خصوصی کے فرائض ڈاکٹر نور الزمان رفیق نے ادا کیے۔ جو عرصہ دراز سے ہلال احمر کے رضا کار اور تھیلیسیمیا سینئر کے ڈونر ہیں انہوں نے کالج پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر راشدہ قریشی کو ہلال احمر کی طرف سے تعریفی شیلڈ پیش کی۔ کیمپ کے انعقاد میں کالج میں ہلال احمر کی انچارج پروفیسر شمینہ یاسمین اور تمام (Statistics) سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے اساتذہ نے بطور رضا کار مدد کی۔ ہلال احمر کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ فوزیہ سعید نے ہلال احمر کی طرف سے پرنسپل صاحبہ، مہمان خصوصی، تمام سٹاف، رضا کاروں اور عطیہ خون دینے والی طالبات کو خراج تحسین پیش کیا۔ پرنسپل صاحبہ نے اس نیک کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہم کچھ عرصے بعد دوبارہ تھیلیسیمیا کے بچوں کے لیے ایک اور کیمپ کریں گے اور ہلال احمر کے تعاون سے طالبات کو فرسٹ ایڈ کی تربیت بھی دلائیں گے۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر نور الزمان رفیق نے کہا کہ وہ ہلال احمر کی طرف سے پرنسپل صاحبہ، مہمان خصوصی، تمام سٹاف، رضا کاروں اور عطیہ خون دینے والی طالبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں تمام سٹاف اور ڈونرز کو سراہا اور ان میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔ ان کا کہنا تھا جس نے کسی ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا۔

جرائم کی شرح میں کمی پنجاب پولیس کی انتھک کاوشوں کا ثبوت ہے

کاروباری برادری اور عوام کے بھرپور تحفظ کے لیے پرعزم ہیں: ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ

لاہور (خبر نگار) ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ عمران کشور نے لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب پولیس کی انتھک محنت، لگن اور حکمت عملی کی بدولت جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، کاروباری برادری اور عوام کو مکمل تحفظ دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوزر شاد اور سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان نے بھی اس موقع پر یوسف شاہ، عمران اصغر اور کرکٹر وہاب ریاض بھی موجود تھے۔ عمران کشور نے پولیس کی جانب سے منظم جرائم کے خلاف کی گئی حالیہ کارروائیوں پر تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ سال 2024 میں پنجاب پولیس نے 25.6 ارب روپے کی ریکوری کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس نے اندھے قتل، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری، منظم جرائم، منشیات کی اسمگلنگ، سرکاری اسپتالوں سے ادویات چوری اور بچوں کے جنسی استحصال میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے گزشتہ سال 92 میں سے 88 اندھے قتل کے کیسز حل کیے اور پولیس جوانوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث عناصر کو بھی گرفتار کیا۔



لاہور چیمبر کے دورہ کے موقع پر ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ عمران کشور کا صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

خطاب کیا۔ اجلاس میں سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، سابق نائب صدر عدنان خالد بٹ، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین آمنہ رندھاوا، ملک آصف، احسن شاہد، عمر سرفراز، کرامت علی اعوان، عمران سلیمی اور وقاص اسلم کے علاوہ معروف کاروباری شخصیات میاں طارق نثار، خواجہ شاہ زیب اکرم، بابر محمود،

ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج برائے خواتین سی پی آر ٹریننگ کا انعقاد

اس تربیتی پروگرام کا مقصد طالبات کو ابتدائی طبی امداد اور زندگی بچانے والی مہارتوں سے آگاہ کرنا تھا



لاہور (شیروز میاں سے) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور میں پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی پنجاب کے زیر اہتمام دو روزہ بنیادی فرسٹ ایڈ اور سی پی آر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 50 طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد طالبات کو ابتدائی طبی امداد اور زندگی بچانے والی مہارتوں سے آگاہ کرنا تھا تاکہ وہ ہنگامی صورتحال میں مؤثر ردعمل دے سکیں اور کمیونٹی میں ریزیلینس کو فروغ دیا جا سکے۔ تقریب کے آغاز میں کالج کی پرنسپل ڈاکٹر کوثر پروین اور پاکستان ریڈ کریسنٹ پنجاب کی یوتھ انچارج مسز عائشہ ریاض نے شرکاء کو خوش آمدید کہا اور ابتدائی طبی امداد و سی پی آر کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ٹریننگ کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر فرسٹ ایڈ محمد عمران نے شرکاء کو تفصیلی معلومات فراہم کیں اور عملی مشقوں کے ذریعے فرسٹ ایڈ اور سی پی آر کی تکنیک سکھائیں۔ تربیت مکمل کرنے کے بعد پاکستان ریڈ کریسنٹ پنجاب کے وائس چیئرمین عبد الماجد چوہدری اور سیکرٹری محمد زاہد نے طالبات میں اسناد تقسیم کیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ دو روزہ تربیت کے نتیجے میں شرکاء کو ہنگامی صورتحال، جیسے کہ دل کا دورہ، چوٹوں اور بیماریوں سے نمٹنے میں اعتماد حاصل ہوا۔ تربیت نے نہ صرف ان کی زندگی بچانے کی صلاحیتوں کو بڑھایا بلکہ انہیں کمیونٹی میں اپنے سیکھے گئے علم کو دوسروں تک پہنچانے کی ترغیب بھی دی، تاکہ معاشرے میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے تیار رہنے کا رجحان پروان چڑھے۔ اس تربیت کا انعقاد پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی پنجاب اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ کے اشتراک سے کیا گیا، جس کا مقصد صحت، تحفظ اور کمیونٹی کی ریزیلینس کو فروغ دینا ہے۔

نوٹس نیلام عام برائے ناکارہ گاڑیاں وٹریکٹر محکمہ جنگلات قصور فارسٹ ڈویژن چھانگا مانگا

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل ناکارہ سرکاری گاڑیاں وٹریکٹر جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام کرنا مقصود ہے۔ مورخہ 03.03.2025 بوقت صبح 10 بجے بمقام دفتر ناظم جنگلات 108 راوی روڈ لاہور نیلام منعقد ہوگا مذکورہ ناکارہ گاڑیاں وٹریکٹر نیلام نہ ہونے کی صورت میں ہر ماہ کی 03 اور 17 تاریخ کو نیلام منعقد ہوگا۔ خواہش مند حضرات ناکارہ گاڑی وٹریکٹر کا معائنہ دفتری اوقات میں کر سکتے ہیں تاہم بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا کامیاب بولی دہندہ کو 25% زر بیعانہ موقع پر ادا کرنا ہوگا اور اپنا مکمل پتہ بشمول رابطہ نمبر درج کروانا ہوگا اور دیگر شرائط نیلام موقع پر پڑھ کر سنائی جائیں گی۔ نیلام کمیٹی از خود تسلی کو ہی حق حاصل ہے کہ بغیر وجہ بتائے نیلام مسترد کر دے جس کے خلاف کوئی تنازعہ یا دعوی قابل قبول نہ ہوگا۔ دیگر تفصیلات دفتر مہتمم جنگلات قصور فارسٹ ڈویژن چھانگا مانگا فون نمبر 0494381561 سے حاصل کی جا سکتی ہے

Sr No.	Particular	Model
1	Unserviceable Toyota Pickup Single Cabin	1996
2	Unserviceable Toyota Hilux Single Cabin	1992
3	Unserviceable Government Tractor	1989

-1 اگر مذکورہ نیلام بوجہ تعطیل یا کسی اور وجہ سے نہ ہو سکی تو اگلے دن دفتری اوقات 10 بجے منعقد کی جائے گی۔
-2 تمام ٹیکسز بمطابق مروجہ طریقہ قانون جو وقتاً فوقتاً گورنمنٹ کی جانب سے لاگو ہوں گے وصول کیے جائیں گے۔
-3 نیلام میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات ٹھیکہ دار فرم دف

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)13 فروری 2025ء

پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی میں بھرتی کا عمل شروع

ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کی زیر نگرانی پہلے مرحلہ میں انویسٹی گیشن آفیسرز کی بھرتی کیلئے دوڑ/فزیکل ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی میں انفورسمنٹ آفیسر اور انویسٹی گیشن آفیسر کی بھرتی کا عمل شروع، ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کی زیر نگرانی پہلے مرحلہ میں انویسٹی گیشن آفیسرز کی بھرتی کیلئے دوڑ/فزیکل ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے رائل پام سٹی میں ٹیسٹ سنٹر کا دورہ کرکے انتظامات چیک کیے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت مہنگائی، ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام، قبضہ وتجاوزات مافیا کیخلاف کے حکومتی رٹ کے نفاذ کے سلسلہ میں پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فیصل سلطان، اسسٹنٹ کمشنرز (ہیڈکوارٹرز و بابا سٹ، صدر ناصر شہزاد ڈوگر، کامونکی ماہم واحد، اے سی (یو ٹی)، بی او ضلع کونسل خرم محمود سمیت پولیس و دیگر افسران کی زیر نگرانی ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ گوجرانوالہ سے انویسٹی گیشن آفیسرز کی بھرتی کے لیے 104 امیدواران نے اپلائی کیا، دوڑ و فزیکل ٹیسٹ میں 81 میل و فی میل امیدواران نے حصہ لیا جن میں سے مجموعی طور پر 57 امیدواران کامیاب ہوئے (45 مرد، 12 خواتین) کامیاب قرار پائے اور باقی امیدواران ناکام رہے۔ انفورسمنٹ انسپکٹر کے دوڑ و فزیکل ٹیسٹ 13 فروری بروز جمعرات کو رائل پام سٹی میں انعقاد پذیر ہوگا، انہوں نے مزید کہا کہ ٹیسٹ کامیاب امیدواران پنجاب پبلک سروس کمیشن کے تحت تحریری امتحان میں حصہ لینے کے اہل ہونگے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ تمام محکمے ایس او پیز کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیوٹی روسٹر کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، میرٹ پر بھرتیوں کو یقینی بنایا جائے گا۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا ناجائز قابضین کے خلاف درخواست پر نوٹس

میونسپل کارپوریشن حکام کو فوری طور پر غیر قانونی قابضین سے راستہ واگزار کروانے کی ہدایت کر دی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا ناجائز قابضین کے خلاف درخواست پر نوٹس لیتے ہوئے میونسپل کارپوریشن حکام کو فوری طور پر غیر قانونی قابضین سے راستہ واگزار کروانے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سڑک کی جگہ واگزار کروانے سے علاقہ مکینوں کو آمدورفت میں حائل رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اہل علاقہ نے کمشنر ساہیوال ڈویژن کو راستہ واگزار کروانے کی درخواست دی جس پر انہوں نے فوری ایکشن لیتے ہوئے کاروائی کے احکامات جاری کئے۔ بابا فرید پارک 90/9L کی درخواست پر نوٹس لیتے ہوئے میونسپل کارپوریشن حکام کو فوری طور پر غیر قانونی قابضین سے راستہ واگزار کروانے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سڑک کی جگہ واگزار کروانے سے علاقہ مکینوں کو آمدورفت میں حائل رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے اہل علاقہ صابر ٹاؤن اور ڈویژن شعیب اقبال سید نے اہل علاقہ صابر ٹاؤن، بابا فرید پارک 90/9L کا راستہ غیر قانونی قابضین سے واگزار کروانے کی ہدایت، سڑک کی جگہ واگزار کروانے سے علاقہ مکینوں کو آمدورفت میں حائل رکاوٹ دور ہو جائے گی، کمشنر شعیب اقبال سید۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے اہل علاقہ صابر ٹاؤن اور

مولانا محمد الیاس چنیوٹی کی خصوصی کاوشوں سے چنیوٹ شہر میں ترقیاتی کام زور و شور سے جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رکن پنجاب اسمبلی مولانا محمد الیاس چنیوٹی کے بے حد شکر گزار ہیں کہ جن کی خصوصی کاوشوں سے چنیوٹ شہر میں ترقیاتی کام زور و شور سے جاری ہیں انہی کی محنت کی بدولت بھٹوکالونی چنبے والا چاہ ملوکی والا چنیوٹ میں 60 لاکھ روپے کے نالی سولنگ کا کام اور بھٹوکالونی میں 1990 سے قائم شدہ واحد گرلز پرائمری سکول کی خستہ حال بلڈنگ کیلئے سوا کروڑ روپے کی خطیر رقم مختص کروا کر سکول کی تعمیر بھی شروع کروادی انشاءاللہ، بہت جلد پانی کی نکاسی کا کام شروع کیا جائے گا ہم فخر سے چنیوٹ مولانا محمد عمر الیاس چنیوٹی کے بھی شکر گزار ہے، جو اپنی پوری نگرانی میں ہمارے علاقے میں کثیر تعداد میں ترقیاتی کام کروا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار قاری محمد سیف اللہ خالد جامعہ اسلامیہ امدادیہ حافظ محمد طاہر کڑالوی محمد عمیر عباس محمد وسیم عباس سیف اللہ محمد احمد محمد مجاہد محمد مزمل محمد سرفراز سلارا برادر نے مولانا محمد الیاس چنیوٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کیا۔

ڈار برادران جھوٹے مقدمات سے ڈرنے والے نہیں: عمر ڈار

جب میرا لیڈر عمران خان جہاں بھی بلائے گا ہم ضرور جائیں گے



سیالکوٹ (بیورو چیف) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے کہا ہے کہ ڈار برادران جھوٹے مقدمات سے ڈرنے والے نہیں، جب بھی میرا لیڈر عمران خان جہاں بھی بلوائے گا ہم ضرور وہاں جائیں گے۔ 8 فروری کو پاکستان کا مینڈیٹ چوری کیا گیا تھا اس حوالے سے پرامن احتجاج کیا گیا لیکن پولیس نے دو جھوٹے مقدمات درج کر دیئے۔ گزشتہ روز 8 فروری کو تحریک انصاف کے ہونے والے احتجاج کو روکنے کیلئے پنجاب پولیس اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے۔ میرے سمیت دیگر کارکنان کے خلاف تھانہ نیکا پورہ میں مقدمہ درج کیا گیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے فارم 47 کی بنیاد پر بننے والی حکومت کی جانب سے درج جھوٹے مقدمات پر عدالت میں پیشی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے سٹی صدر میاں اعجاز جاوید، جنرل سیکرٹری چوہدری محمد لطاف، عامر ڈار کے علاوہ کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔ عمر فاروق ڈار نے کہا ہے کہ ہم پیچیز مین تحریک انصاف عمران خان کے سپاہی ہیں ایسے جھوٹے اور من گھڑت مقدمات سے ڈرنے والے نہیں، پولیس کے چھاپے کارکنان کی گرفتاریاں ہمارے حوصلے مزید بلند کر رہی ہے۔ ہم عمران خان کی ہر کال پر لبیک کہتے ہوئے فارم 47 کی پیداوار کا راستہ روکیں گے اور اپنے لیڈر عمران خان کی رہائی تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔

محکمہ محنت وانسانی وسائل پنجاب کی کاوشوں سے صنعتی کارکنان کے زیر التوا ویلفیئر گرانٹس کے چیکس جاری کر دیئے

اس سلسلہ میں میونسپل کمیٹی ہال فیصل آباد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چوہدری امجد علی جاوید ایم پی اے نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صوبائی وزیر محنت و انسانی وسائل فیصل ایوب کھوکھر صاحب کی ہدایات پر چوہدری امجد علی جاوید صاحب ایم پی اے چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی، محکمہ محنت وانسانی وسائل پنجاب کی کاوشوں سے صنعتی کارکنان کے زیر التوا ویلفیئر گرانٹس کے چیکس کو جاری کر دیا گیا۔ اس سلسلہ میں میونسپل کمیٹی ہال فیصل آباد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چوہدری امجد علی جاوید ایم پی اے نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس کے ساتھ ساتھ را کا شف رحیم صاحب ایم پی اے، شیخ اعجاز، سردار خالد، ناصر علی ضیا، شاہین اختر آرگنائزنگ لیبر ونگ سٹی نے بھی شرکت کی۔ آج کے دن ڈیتھ گرانٹ میرج گرانٹ، تعلیمی وظائف کے 5 کروڑ روپے مالیت کے چیکس 534 ورکرز میں تقسیم کیے گئے۔ چوہدری امجد علی جاوید نے کہا کہ کمشنری کارکنانی فلاح و بہبود کے لئے مثالی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت پنجاب ورکر کی خوشحالی کے لئے کوشاں ہے۔

ڈی پی او شیخوپورہ کی تھانہ نارنگ اور پولیس چوکی جنڈیالہ کلساں میں کھلی کچہری

نارنگ منڈی میں نفری کی کمی کا مسئلہ جلد حل کر لیا جائے گا، انفرادی اور اجتماعی مسائل سنے میرٹ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا: ڈی پی او بلال ظفر شیخ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی تھانہ نارنگ اور پولیس چوکی جنڈیالہ کلساں میں کھلی کچہری بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ کو شاباش دی انفرادی اور مجموعی مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بلال شیخ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر عام شہری تک رسائی کیلئے ہر تھانے اور پولیس چوکی کی سطح پر کھلی کچہریاں لگائی جارہی ہیں تاکہ لوگوں کو کسی بھی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور ہم عوام درمیان رہ کر ان کے مسائل حل کریں تھانہ نارنگ میں نفری کی کمی کے سوال پر ڈی پی او شیخوپورہ کا کہنا تھا کہ تھانہ نارنگ میں حقیقت ہے نفری کم ایریا بہت بڑا ہے جلد ہی مزید نفری تعینات کر دی جائے گی الحمدللہ ضلع شیخوپورہ میں پچھلے سال سے 35 فیصد جرائم میں کمی آئی ہے خواتین کو ہراسمنٹ کی صورت میں فوری ایکشن لیا جائے مریم نواز کی ہدایت پر خواتین سیفٹی ایپ کا استعمال شروع کر دیا گیا ہے خواتین طالبات کو اس حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش ہو تو خواتین سیفٹی ایپ استعمال کریں جو بھی ملوث ہوا سخت کاروائی کی جائے گی معزز شہریوں کو انصاف کی فراہمی کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں نارنگ پولیس نے ڈکیت گینگ پکڑ لیے ہیں جن سے برآمد ہونے والا مال مسروقہ وارثان کے حوالے کر دیا گیا مزید ریکوری ممکن بنائی جا رہی ہے جس میں نقدی موبائل موٹر سائیکل شامل ہیں بعد ازاں ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے پولیس چوکی جنڈیالہ کلساں کا دورہ کیا اور سائلین کے مسائل سنے چوکی کی نئی عمارت کی تعمیر اور منتقلی کیلئے جگہ کا جائزہ لیا گیا نئی چوکی کی تعمیر جلد مکمل کر لی جائے گی جنڈیالہ کلساں پولیس چوکی سے کالا خطائی شاہدرہ شاہراہ پر جرائم کی شرح کم ہوگی اس موقع پر ایس ڈی پی او سرکل مرید کے غلام مرتضیٰ ڈوگر ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ پی آر او ڈی پی او شیخوپورہ واجد عباس اور معززین سمیت اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

لوگوں کی جان و مال، عزت کی حفاظت میری اولین ترجیح: ڈی پی او

ضلع بھر میں چوروں، ڈکیتوں، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے پولیس لائن چنیوٹ میں پریس کانفرنس کے دوران میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال، عزت کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے۔ ضلع بھر میں چوروں، ڈکیتوں، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈی پی او نے کے قبضہ سے واردتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 4 4 تولے سونا، 2 9 مسروقہ مال مویشی، 9 7 موٹر سائیکلیں، 6 4 موٹرز بجلی، 3 رکشے، ٹریکٹر، ڈالہ اور 61 موبائل فون برآمد کر لئے گئے۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا۔ مدعیان نے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر پولیس افسران اہلکاروں کے لیے انعامات کا اعلان کیا۔ کارکردگی کی بناء پر ایس ایچ او تھانہ صدر سب انسپکٹر سیف اللہ نے پہلی پوزیشن، ایس ایچ او تھانہ چناب نگر سب انسپکٹر شبیر احمد نے دوسری پوزیشن، ایس ایچ او تھانہ بھوانہ انسپکٹر ساجد محمود نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کا میڈیا سے گفتگو کے دوران کہنا تھا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح اور زمہ داری ہے جس کے لئے تمام تر مسائل بروئے کار

ڈی ایس پی ٹریفک مدثر صدیق کی زیر نگرانی KIPS کالج سیمینار کا انعقاد

سیمینار میں طلباء کو روڈ کراسنگ کے متعلق معلومات دی گئیں



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی خصوصی ہدایت پر انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ ڈاکٹر شفقت رسول نے ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈکوارٹر سیالکوٹ مدثر صدیق کی زیر نگرانی KIPS کالج میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک آگاہی کے متعلق سیمینار کا انعقاد کیا۔ جس میں طلباء کو روڈ کراسنگ کے متعلق معلومات دی گئیں۔ طلباء کو بتایا گیا کہ ہمیشہ دائیں بائیں دیکھ کر روڈ کراس کریں۔ کبھی بھی روڈ کو بھاگ کر کراس نہ کریں۔ جب آپ کو سگنل وین یا کوئی بھی گاڑی اتارے تو ہمیشہ اس گاڑی کی بیک سائیڈ سے روڈ کو کراس کریں کیونکہ اس سے پیچھے آنے والی ٹریفک نظر آرہی ہوتی ہے۔ طلباء کو بریف کیا گیا کہ ویلنگ ایک جان لیوا کھیل ہے اس سے اجتناب کیا جائے۔ بائیک چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال موٹر سائیکل پر سوار دونوں افراد کے لیے ضروری ہے۔ کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوورٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ طلباء کو بتایا گیا کہ پتنگ بازی ایک خونی کھیل ہے جس سے معصوم لوگوں کی جانیں جا سکتی ہیں اس سے اجتناب کریں خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

سی ای او ہیلتھ ننکانہ کیجانب سے لیڈی ڈاکٹرز کو ہراساں اور بلیک میلنگ کرنے کا سلسلہ تا حال جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سی ای او ہیلتھ ننکانہ کیجانب سے لیڈی ڈاکٹرز کو حراساں اور بلیک میلنگ کرنے کا سلسلہ تا حال جاری۔ جن لیڈی ڈاکٹرز کے ایڈیاک محکمہ ہیلتھ کیجانب سے ریفیو ہو کر آچکے ہیں وہ دس دن گزر جانے تک سی ای او ہیلتھ ننکانہ کیجانب سے تا حال انڈورسمنٹ لگا کر ڈی ایچ کیو کو نہیں بھیجے گئے اور انڈورسمنٹ لینے کے لئے لیڈی ڈاکٹرز کو باقاعدہ بلیک میل کیا جا رہا ہے کہ پہلے آپ لکھ کر دیں کہ آپکو سی ای او آفس کی باہر بیٹھا کر انتظار نہیں کروایا گیا پھر اس پر فوٹو بنوائیں پھر آپکے آرڈرز کو انڈورس کیا جائے گا۔ حالانکہ لیڈی ڈاکٹرز ایک دفعہ پھر سے پچھلے دس دن سے اپنے آرڈرز لینے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر سی ای او آفس کے چکر لگا رہے ہیں اور تاخیری حربوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ اگر اس طرح کی گھناؤنی بلیک میلنگ کا سلسلہ جاری رہا تو ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کیجانب سے باقاعدہ احتجاج کا راستہ اپنایا جائے گا۔ ہماری ڈاکٹر بیٹیاں پوری ڈاکٹر کمیونٹی کا فخر ہیں۔

دوسرے شہر کی ملازمائیں کئی گھروں میں وارداتوں میں ملوث

ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ غازی عبدالرزاق نے کارروائی کر کے 7 لاکھ سے زائد کی رقم برآمد کر لی



سیالکوٹ (بیورو چیف) دوسرے شہر کی ملازمہ رکھنے کا نتیجہ خدارا احتیاط کریں میرے سیالکوٹ کی بہت سی فیملیز کے گھروں میں ایسی بہت سی واردات ہو چکی ہیں سلوٹ پیش کرتے ہیں ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ غازی میاں عبدالرزاق انسپیکٹر کی دبنگ کاروائی گھر سے 8 لاکھ 74 ہزار نقدی وغیر ملکی کرنسی ریال اور امریکی ڈالر چوری کا ڈراپ سین چوری کرنے والی ملازمہ گرفتار ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقہ الہلال کالونی، غلہ منڈی کے رہائشی شہری سعید علی کے گھر سے انکی غیر موجودگی میں نامعلوم چور سیف الماری کے تالے توڑ کر 7 لاکھ 80 ہزار روپے نقدی وغیر ملکی کرنسی 200 امریکی ڈالر اور 500 سعودی ریال چوری کر لے گئے ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ انسپیکٹر غازی میاں عبدالرزاق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چوری کی ایک واردات کو ہیومین سورس و انٹیلجنس اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے قلیل وقت میں گھر میں کام کرنے والی گھریلو ملازمہ شانیلہ زوجہ سیف اللہ سکنہ کوٹ ادو کو ٹریس کر کے لیڈی پولیس کی مدد سے گرفتار کر لیا دوران تفتیش ملزمہ شانیلہ کے قبضے سے 7 لاکھ 80 ہزار روپے نقدی وغیر ملکی کرنسی 200 امریکی ڈالر اور 500 سعودی ریال برآمد کر لیے گئے ہیں ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے پولیس ٹیم میں شامل تمام افسران و ملازمان کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔

سوئی گیس کی بدترین بندش، شہریوں کی محکمہ کو بددعائیں

گیس کی بندش سے دوہری مشکلات، مہینے کا بجٹ کھانے پکانے میں لگ جاتا ہے: شہری

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سوئی گیس کی بدترین بندش شہریوں کی بددعائیں زندگی از بیت ناک کس سے حق مانگیں منتخب نمائندوں کے نوٹس میں ہونے کے باوجود شہر میں سوئی گیس کی بدترین بندش جاری ہے دوہرے اخراجات برداشت کر رہے ہیں نئی سہولیات ملنے کی بجائے پرانی سہولیات بھی چھین لی گئی ہیں صبح دوپہر شام کھانا پکانے کے اوقات میں سوئی گیس کی بندش سمجھ سے بالاتر ہے گیس کا بل الگ سے ادا کرتے ہیں ایندھن کے متبادل حصول اور بازاری کھانوں کی خرید پر مہینے کا سارا بجٹ ختم ہو جاتا ہے خدارا اہل علاقہ پر رحم کریں اور کھانا پکانے کے اوقات میں سوئی گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے تا کہ اہل علاقہ کی مشکلات کم ہو سکیں گیس کی بندش سے عوام دوہری مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں۔

ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی جانب سے کھلی کچہری

شرقپور شریف (نامہ نگار) تھانہ شرقپور شریف میں ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی جانب سے کھلی کچہری لگائی گئی جس میں ڈی پی او نے سائلین کی شکایات سنیں اور سائلین کی شکایات کے حل کے لئے فوری احکامات جاری کئے اس موقع پر ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح اور زمہ داری ہے جس کے لئے تمام تر مسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور علاقہ کو جلد جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں سے پاک کر دیا جائے گا۔



بھیک مانگنا جرم ہے، بھیک مانگنے والے افراد سے آڑے ہاتھوں نپٹا جائے گا

میڈیا اور عوام کے تعاون سے بھیک مانگنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) بھیک مانگنا جرم ہے بھیک مانگنے والے افراد سے آڑے ہاتھوں نپٹا جائے گا میڈیا اور عوام کے تعاون سے بھیک مانگنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا (اے ڈی شاہین ذیشان اکرم) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان اور ایس ڈی پی او صدر سرکل کی زیر نگرانی۔ ایس ایچ او تھانہ یوسف والا ای ڈی شاہین اور چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری پولیس تھانہ یوسف والا اور چوکی گیمبر کی پیشہ ور بھکاری ذوالفقار کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ایف آئی آر دے دی اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ یوسف والا اے ڈی شاہین اور چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم کا کہنا تھا کہ پیشاور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا پیشہ ور بھکاریوں کا ٹھکانہ جیل کی سلاخیں ہیں پیشاور بھکاریوں سے قانون کے مطابق نپٹا جائے گا عوام اور میڈیا کو چاہیے وہ پولیس کا ساتھ دیں اور پیشہ ور بھکاریوں کی نشاندہی کریں اہل علاقہ تھانہ یوسف والا نے اس کاروائی کو خوب سراہا اور امید کی کہ پولیس پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھے گی



اچھی سوچ اور ایمانداری سے وسائل کو استعمال کرنا چاہئے: حیدر علی چٹھہ

محکمہ کی بہتری کیلئے جدوجہد کرئے اس کے ساتھ جو بھی سائل آئے اس کی رہنمائی احسن طریقے سے نبھائے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) جب انسان اپنے اندر یہ سوچ پیدا کر لیتا ہے کہ اس نے صرف ایمانداری سے اپنے وسائل کو استعمال کرنا ہے اور جس حد تک ہو سکے اپنے محکمہ کی بہتری کیلئے جدوجہد کرئے اس کے ساتھ جو بھی سائل آئے اس کی رہنمائی احسن طریقے سے نبھائے۔ ان خیالات کا اظہار۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حیدر علی چٹھہ نے سپرنٹنڈنٹ پلاننگ برانچ محمد نزیر کمبوہ کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ایم او پی حافظ قمر الاسلام لینڈ انکروچمنٹ سپرنٹنڈنٹ رحمت علی انصاری۔ انسپکٹر عرفان نسیم بٹ ملک ہمایوں۔ آفس سپرنٹنڈنٹ محمد علی۔ محمد شفیق انصاری۔ سمیت دیگر عملہ بھی موجود تھا۔

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کا تعزیتی اجلاس

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ منعقد ہوا جس میں ڈاکٹر انوار مہدی، الطاف حسین ملک، میاں محمد یوسف خیالی ایڈووکیٹ، شیخ محمد اقبال، راجہ ریاض احمد خان، شورش آزاد، ڈاکٹر خالد یاسین، شاہد وقار سلارہ، ارشد چدھڑ، اللہ دتہ آہیر، ناصر محمود تمیمی، پیر زادہ اقبال حسین، شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی، حنیف مغل، ڈاکٹر عابد یاسین، چوہدری سرور، حاجی نزیر احمد، رضوان الحق چوہان و دیگر ممبران نے شرکت کی تعزیتی اجلاس کے دوران ڈاکٹر آرایم یاسین کی نویں برسی کے موقع پر مرحوم کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا مرحوم نے اپنی پوری زندگی انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کر رکھی تھی

مرید کے پرانا نارنگ روڈ پر ڈمپر نے دو بائیکر بری طرح کچل دیئے

مرید کے (تحصیل رپورٹر) مرید کے پرانا نارنگ روڈ پر ڈمپر نے دو بائیکر بری طرح کچل دیئے۔ ایک کا پورا بازو اور دوسرے کی ٹانگ ٹوٹ گئی جبکہ موٹر سائیکل بالکل تباہ ہو گئی۔ دونوں کو مقامی افراد نے ریسکیو کی مدد سے ہسپتال منتقل کیا۔ ایک زخمی کی حالت خطرناک ہے۔ ڈمپر ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا۔ ریسکیو نے انہیں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پہنچایا جہاں سے طبی امداد کے بعد انہیں تشویشناک حالت میں لاہور منتقل کر دیا گیا۔

2 سال سے مرمت کے نام پر ہفتہ میں 2 دن بجلی بند شہری، کاروباری افراد اور ایمبرائیڈری مزدور شدید پریشان

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) 2 سال سے مرمت کے نام پر ہفتہ میں 2 دن بجلی بند شہری، کاروباری افراد اور ایمبرائیڈری مزدور شدید پریشان۔ پرمٹ کے اوقات سے زیادہ دیر بجلی بند کرنا معمول بن گیا۔ حافظ آباد میں مسلسل 2 سال سے زائد عرصہ سے مرمت کے نام پر ہفتہ میں 2 دن بجلی بند کرنا معمول بن گیا ہے۔ بجلی بند کرنے کا جو شیڈول جاری کیا جاتا ہے شیڈول سے 2 سے 3 گھنٹے زائد بجلی بند کی جاتی ہے۔

انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی میں شفاف طریقہ کار سے بھرتی کا عمل جاری

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی ذاتی نگرانی میں انو سٹیلیشن آفیسرز کے امیدواران کا دوڑ اور فزیکل ٹیسٹ کا مرحلہ مکمل ہو گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلع ننکانہ صاحب میں انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی میں شفاف طریقہ کار سے بھرتی کا عمل جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی ذاتی نگرانی میں انو سٹیلیشن آفیسرز کے امیدواران کا دوڑ اور فزیکل ٹیسٹ کا مرحلہ مکمل ہو گیا۔ انو سٹیلیشن آفیسرز کے فزیکل ٹیسٹ میں کل 03 خواتین امیدواران کامیاب قرار پائیں جبکہ انو سٹیلیشن آفیسرز کے فزیکل ٹیسٹ میں کل 39 امیدواران کامیاب قرار پائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے دوڑ اور فزیکل ٹیسٹ کے لیے آنے والے امیدواران کے لیے بہترین انتظامات کیے گئے تھے، میڈیکل کیمپس، بیٹھنے کے لیے کرسیاں، صاف پانی سمیت صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات تھے۔ دوڑ مکمل کیا، ایک خاتون ناکام رہی جبکہ انو سٹیلیشن آفیسرز کے دوڑ ٹیسٹ میں 65 نوجوانوں نے مقررہ وقت میں دوڑ ٹیسٹ مکمل کیا۔ انو سٹیلیشن آفیسرز کے فزیکل ٹیسٹ میں کل 08 خواتین نے مقررہ وقت میں دوڑ ٹیسٹ مکمل کیا، ایک خاتون ناکام رہی جبکہ انو سٹیلیشن آفیسرز کے دوڑ ٹیسٹ میں 65 نوجوانوں نے مقررہ وقت میں دوڑ ٹیسٹ مکمل کیا۔ انو سٹیلیشن آفیسرز کے فزیکل ٹیسٹ میں کل 03 خواتین امیدواران کامیاب قرار پائیں جبکہ انو سٹیلیشن آفیسرز کے فزیکل ٹیسٹ میں کل 39 امیدواران کامیاب قرار پائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے دوڑ اور فزیکل ٹیسٹ کے لیے آنے والے امیدواران کے لیے بہترین انتظامات کیے گئے تھے، میڈیکل کیمپس، بیٹھنے کے لیے کرسیاں، صاف پانی سمیت صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات تھے۔

پیکا ایکٹ کے خلاف کراچی تا خیبر صحافی یک جان ہیں: عطا محمد قصوری

پیکا ایکٹ 2025 کے خاتمہ تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہیں

مصطفیٰ آباد/لیاقی (نمائندہ خصوصی) پیکا ایکٹ کے خلاف کراچی تا خیبر صحافی یک جان ہیں، صدر کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی، عمر شاہین، طاہر میو، جمشید میو، آزاد میڈیا گروپ پریس کلب سے



پی ایف یو جے محمد افضل بٹ، سیکرٹری جنرل ارشد انصاری کی قیادت میں پیکا ایکٹ 2025 کے خاتمہ تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہیں بلکہ اس جدوج

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بھارت میں ایک اور مسجد شہید اور امریکی تھنک ٹینک کی رپورٹ

بھارتی ریاست اتر پردیش میں حکام نے بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنماؤں کے اس الزام کے بعد ایک اور مسجد کو شہید کر دیا کہ اس مسجد کا کچھ حصہ سرکاری زمین پر ہے۔ اس سے قبل عدالت نے مسجد کے انہدام پر 8 فروری تک حکمِ امتناعی جاری کیا تھا جس کا وقت ختم ہوتے ہی حکام نے ایکشن شروع کر دیا۔ مسجد کمیٹی کے رکن ذاکر خان نے بتایا کہ مسجد کیلئے ذاکر حسین اور عظمت النسا نے زمین دی تھی جس میں سے ایک حصے پر مسجد بنائی گئی اور کچھ حصہ مسجد کے قرب و جوار میں خالی پڑا ہے۔ مسجد کی مسماری بھارتی سپریم کورٹ کی ہدایات کی خلاف ورزی ہے۔ دوسری جانب ایک امریکی تھنک ٹینک کی جاری کی گئی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت میں مذہبی اقلیتوں کے خلاف نفرت انگیز اور اشتعال انگیز واقعات میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔ انڈیا ہیٹ لیب کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ برس بھارت میں نفرت انگیزی کے 1165 واقعات ریکارڈ کیے گئے جو 2023 کے مقابلے میں 74.4 فی صد زیادہ تھے۔ ان واقعات میں 98.5 فی صد میں مسلمانوں کو ہدف بنایا گیا جبکہ 80 فیصد ان ریاستوں میں پیش آئے جہاں بی جے پی کی حکومت تھی۔ بھارت میں مسلمانوں کی املاک نذر آتش کرنا عبادت گاہوں کو مسمار کرنا انہیں مذہبی سیاسی و سماجی آزادی سے محروم رکھنا مودی سرکار کا محبوب ترین مشغلہ بن چکا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ مسلمانوں کیخلاف کی جانیوالی ان کارروائیوں میں بھارتی عدالتیں بھی برابر کی شریک ہیں جو انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے بجائے متعصّبانہ فیصلے صادر کرتی نظر آتی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ مودی سرکار اور بھارت کے ریاستی اداروں کی سرپرستی میں بھارت ایک جنونی ہندو ریاست بن چکا ہے جس کا اعتراف معروف امریکی جریدہ نیویارک ٹائمز بھی اپنی رپورٹ میں کر چکا ہے جبکہ اس حوالے سے عالمی میڈیا کی طرف سے بھی متعدد بار بھارت میں بڑھتی ہوئی انتہا پسندی پر سخت تنقید کرتے ہوئے یہ اعتراف کیا جاچکا ہے کہ بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے بعد بھارت میں مذہبی شدت پسندی اور اقلیتوں کیخلاف رجحانات میں شدید اضافہ ہوا ہے بالخصوص مسلمانوں کو زیر کرنے کیلئے آئین میں ترامیم کی گئیں کالے قانون جیسے سخت قوانین نافذ کئے گئے اور جنونی ہندوؤں کو مسلمانوں کیخلاف اکسا کر انہیں قتل کرنے ان پر قدغنیں لگانے اور انکی املاک کو نقصان پہنچانے کی راہ ہموار کی گئی۔ یہ سب کارروائیاں دراصل بھارت کو کٹڑ ہندو ریاست بنانے کا عملی ثبوت ہیں جسے عالمی سطح پر مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ بھارت میں بی جے پی اقتدار میں ہو یا کانگریس مسلمان دشمنی پر مبنی دونوں کا ایجنڈا ایک ہی ہے۔ عالمی اداروں کو بھارت کی ان ریشہ دوانیوں کا پاکستان کے کہنے پر نہ سہی کم از کم عالمی میڈیا اور امریکی تھنک ٹینک کی اس رپورٹ پر ہی نوٹس لے لینا چاہیے۔

ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں چیمپئن ٹرافی میچز کا انعقاد ممکن بنایا جائے

حامد یہ کرکٹ کلب کے جنرل سیکرٹری اور کرکٹ کے کالم نگار حافظ معین الدین خالد نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان میں کرکٹ کا بہت عرصے کے بعد ایک بہت بڑا ایونٹ چیمپئنز ٹرافی منعقد ہو رہا ہے افسوس کہ اس ایونٹ میں چیمپئن ٹرافی کا کوئی میچ ملتان نہیں رکھا گیا تمام میچز کراچی لاہور اور راولپنڈی میں رکھ دیئے گئے اور ایک ایک گراؤنڈ میں کئی کئی میچ کا انعقاد کیا جا رہا ہے کیا ملتان کا اسٹیڈیم اس قابل نہیں کہ یہاں کوئی میچ رکھا جائے۔ حافظ معین الدین خالد نے مزید کہا کہ ملتان کا کرکٹ اسٹیڈیم دنیائے کرکٹ میں ایک بہترین اسٹیڈیم کہلاتا ہے اور ملتان کے شائقین کرکٹ کے دیوانے ہیں اسکا ثبوت یہ ہے کہ یہاں جو بھی میچ ہوئے انکا انعقاد شاندار رہا اور ملتان کے شہریوں نے اس میں بھرپور شرکت بھی کی ملتان میں بدانتظامی اور سیکورٹی کا بھی کوئی مسلہ نہیں ہے انھوں نے کرکٹ کے متعلقہ حکام خاص طور پر کرکٹ بورڈ کے سربراہ اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی سے اپیل کی کہ وہ اس مسلے کا فوری طور پر نوٹس لے کر ملتان میں چیمپئن ٹرافی ایونٹ کے کرکٹ میچز کے انعقاد کو ممکن بنائیں۔ حافظ معین الدین خالد نے ملتان کے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، سینٹ کے چیئرمین، پاکستان مسلم لیگ ن کے عہدیداران کے علاوہ کمشنر ملتان سے بھی اپیل کی کہ وہ خصوصی طور پر دلچسپی لے کر چیمپئنز ٹرافی ایونٹس کے میچز ملتان میں کرانے کی بھرپور کوشش کریں۔ حامد یہ کرکٹ کلب کے جنرل سیکرٹری اور کرکٹ کے کالم نگار حافظ معین الدین خالد نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان میں کرکٹ کا بہت عرصے کے بعد ایک بہت بڑا ایونٹ چیمپئنز ٹرافی منعقد ہو رہا ہے افسوس کہ اس ایونٹ میں چیمپئن ٹرافی کا کوئی میچ ملتان نہیں رکھا گیا تمام میچز کراچی لاہور اور راولپنڈی میں رکھ دیئے گئے اور ایک ایک گراؤنڈ میں کئی کئی میچ کا انعقاد کیا جا رہا ہے کیا ملتان کا اسٹیڈیم اس قابل نہیں کہ یہاں کوئی میچ رکھا جائے۔ حافظ معین الدین خالد نے مزید کہا کہ ملتان کا کرکٹ اسٹیڈیم دنیائے کرکٹ میں ایک بہترین اسٹیڈیم کہلاتا ہے اور ملتان کے شائقین کرکٹ کے دیوانے ہیں اسکا ثبوت یہ ہے کہ یہاں جو بھی میچ ہوئے انکا انعقاد شاندار رہا اور ملتان کے شہریوں نے اس میں بھرپور شرکت بھی کی ملتان میں بدانتظامی اور سیکورٹی کا بھی کوئی مسلہ نہیں ہے انھوں نے کرکٹ کے متعلقہ حکام خاص طور پر کرکٹ بورڈ کے سربراہ اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی سے اپیل کی کہ وہ اس مسلے کا فوری طور پر نوٹس

قوت

SPORTS





لاہور: کارپوریٹ چیلنج کپ کے مقابلوں میں ڈی پی ایس اور یو بی سپورٹس کی ٹیموں کے کپتان ٹاس کررہے ہیں

سیکنڈ سیڈ ڈ آئیگا سویٹیک قطر اوپن ٹینس ویمنز سنگلز ٹاپ 16 راؤنڈ میں داخل

خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں یونان کی حریف کھلاڑی ماریہ سکاری کو شکست دے کر پری کوارٹر میں کوالیفائی کیا



مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔منگل کو خواتین کے سنگلز میں کوالیفائی کیا

دوحہ (این این آئی) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، دفاعی چیمپئن، سابق عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی سیکنڈ سیڈ ڈ آئیگا سویٹیک اپنی پیش قدمی کو جاری رکھتے ہوئے قطر اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی دفاعی چیمپئن آئیگا سویٹیک نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں یونان کی حریف کھلاڑی ماریہ سکاری کو شکست دے کر پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔قطر کے دارالحکومت دوحہ کے خلیفہ انٹرنیشنل ٹینس اینڈ سکواش کمپلیکس قطر ٹینس ٹورنامنٹ کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے میں جاری ہیں جس میں شائقین ٹینس کو عمدہ مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی دفاعی چیمپئن آئیگا سویٹیک نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے یونان کی 29 حریف کھلاڑی ماریہ سکاری کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 2-6 سے ہرا کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ ٹورنامنٹ کے ٹاپ 16 راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں یونان کی حریف کھلاڑی ماریہ سکاری کو شکست دے کر پری کوارٹر



اہور نیوزی لینڈ کے بلے باز کین ولیمسن سنچری سکور کرنے کے بعد بیٹ لہرا کر شائقین کی داد پر اظہار تشکر کررہے ہیں

بابر اعظم ورلڈ کلاس پلیئر ہیں، وہ ردھم میں واپس آئیں گے، کین ولیمسن

جنوبی افریقا کے خلاف جیت کے بعد اب ہمیں کچھ دن وقفہ ملے گا اور ہم فائنل کیلئے فریش ہوں گے

لاہور (میاں شہروز سے) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور تجربہ کار بیٹر کین ولیم سن نے کہا ہے کہ بابر اعظم ورلڈ کلاس پلیئر ہیں، وہ ردھم میں واپس آئیں گے۔لاہور میں جنوبی افریقا کے خلاف میچ میں جیت کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آنا اچھا لگا اور 2 بڑے میچ مل گئے۔انہوں نے کہا کہ راچن روینڈرا بہتری کی جانب گامزن ہے، دیکھتے ہیں وہ کتنی تیزی سے ریکور کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقا کے خلاف جیت کے بعد اب ہمیں کچھ دن وقفہ ملے گا اور ہم سہ فریقی سیریز کے فائنل کیلئے فریش ہوں گے۔ کین ولیم سن نے مزید کہا کہ پاکستان میں آنا اچھا لگا اور دو اچھے میچز ملے، میچ اتنی آسان نہیں تھی، سہ ملکی سیریز میں کھیلنا اچھا ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ ساؤتھ افریقہ کے کھلاڑیوں نے بڑی محنت کی، اچھا کھیلے، ہماری پارٹنرشپ شاندار رہی اور ہدف حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔نیوزی لینڈ کے بیٹر نے یہ بھی کہا کہ چیمپئنز ٹرافی میں مقابلہ بہت سخت ہوتا ہے، مسلسل دو کامیابیوں سے اعتماد ملتا ہے۔

رونالڈو کے ساتھ النصر کے معاہدے میں ایک سال کی توسیع؛ معاہدے میں دونوں فریقوں کی رضامندی سے 2027 تک مزید توسیع کا آپشن بھی شامل

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے النصر کلب نے سٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے ساتھ معاہدے میں توسیع پر ابتدائی طور پر اتفاق کرلیا ہے۔سبق ویب سائٹ کے مطابق کرسٹیانو رونالڈو کا النصر کے ساتھ معاہدہ 2024/2025 سیزن کے اختتام پر ختم ہوجائے گا لیکن معتبر ذرائع نے بتایا ہے کہ فریقین نے 2026 تک معاہدہ بڑھانے پر اتفاق کرلیا ہے۔معاہدے میں دونوں فریقوں کی رضامندی سے 2027 تک مزید توسیع کا آپشن بھی شامل ہے۔سٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو النصر کے ساتھ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔جنوری 2023 میں ٹیم میں شمولیت کے بعد سے اب تک انہوں نے 101 گولز کئے ہیں یا براہ راست حصہ لیا ہے۔معاہدے میں دونوں فریقوں کی رضامندی سے 2027 تک مزید توسیع کا آپشن بھی شامل۔سٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو النصر کے ساتھ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔معاہدے میں دونوں فریقوں کی رضامندی سے 2027 تک مزید توسیع کا آپشن بھی شامل ہے۔سٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو النصر کے ساتھ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔جنوری 2023 میں ٹیم میں شمولیت کے بعد سے اب تک انہوں نے 101 گولز کئے ہیں یا براہ راست حصہ لیا ہے۔

میاری میں سندھ پنک گیمز 12 فروری سے شروع ہوں گی؛ ضلع میاری میں یہ مقابلے 12 فروری سے 15 فروری 2025 تک جاری رہیں گے

حیدرآباد (این این آئی) سندھ پنک گیمز میاری میں 12 فروری سے شروع ہوں گی۔سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ کے زیر اہتمام سندھ پنک گیمز کا انعقاد کیا جارہا ہے جو صوبے بھر میں منعقد ہورہے ہیں۔ضلع میاری میں یہ مقابلے 12 فروری سے 15 فروری 2025 تک جاری رہیں گے۔میاری میں ان کھیلوں کی نگرانی سپورٹس آفیسر جلیل احمد بالیپوٹو کریں گے، جبکہ مقابلے جھولے لال کالج، اڈیرو لال میں منعقد کیے جائیں گے۔یہ کھیل خاص طور پر خواتین طلباء کے لیے منعقد کیے جارہے ہیں، جن میں بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، تھروبال اور کرکٹ کے مقابلے شامل ہوں گے۔ پنک گیمز جیسے ایونٹس کے انعقاد سے خواتین طلباء کو مزید مواقع فراہم کیے جارہے ہیں۔ضلع بھر سے مختلف سکولوں اور کالجوں کی لڑکیاں ان مقابلوں میں حصہ لیں گی تاکہ اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرسکیں اور کھیلوں میں آگے بڑھنے کے مواقع حاصل کرسکیں۔ پنک گیمز کا مقصد خواتین کو کھیلوں کے میدان میں آگے لانا اور انہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک بہتر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ان کھیلوں کے ذریعے نہ صرف خواتین طلباء کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ ضلع میاری میں کھیلوں کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تیسرا ون ڈے کرکٹ میچ آج کھیلا جائے گا

بھارت کو سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے

احمد آباد (این این آئی) بھارت اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری میچ کل (بدھ کو) نریندر مودی اسٹیڈیم، احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔ بھارتی ٹیم کو مہمان انگلینڈ کی ٹیم کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں 2-0 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ بھارت نے پہلے ون ڈے میچ میں انگلینڈ کی ٹیم کو 4 وکٹوں جبکہ دوسرے ون ڈے میچ میں بھی 4 وکٹوں سے شکست دی تھی۔اس سے قبل بھارت کی ٹیم نے پانچ ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز میں مہمان انگلینڈ کی ٹیم کو 4-1 سے شکست دی تھی۔انگلینڈ کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم ان دنوں بھارت کے دورہ پر ہے جہاں اس نے میزبان ٹیم کے خلاف پانچ ٹی ٹوئنٹی اور تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلنا ہے۔پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز مکمل ہوچکی ہے جو میزبان بھارتی ٹیم نے 4-1 سے جیت لی ہے۔ ون ڈے سیریز کے دو میچز کھیلے جا چکے ہیں جو بھارتی ٹیم نے جیت لئے تھے۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کو مایہ ناز بلے باز روہت شرما لیڈ کریں گے جبکہ انگلینڈ کی ٹیم جوز بٹلر کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری ون ڈے میچ کل بدھ کو احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔ تینوں ایک روزہ میچز ڈے اینڈ نائٹ ہوں گے۔

سہ فریقی سیریز، پاکستان اور جنوبی افریقا کے کھلاڑیوں میں گرما گرمی کی ویڈیوز سامنے آگئی



لاہور: کارپوریٹ چیلنج کپ کے میچ میں ڈی پی ایس اور نو اسیڈ کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

سہ فریقی کرکٹ سیریز کے تیسرے میچ میں پاکستان اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں کراچی میں مدمقابل آئیں

کراچی (سپورٹس رپورٹر) سہ فریقی کرکٹ سیریز کے تیسرے میچ میں پاکستان اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں کراچی میں مدمقابل آئیں، اس دوران دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کے دوران گرما گرمی بھی ہوئی۔جنوبی افریقا نے پہلے بیٹنگ کی اور 29ویں اوور میں جنوبی افریقا کی ٹیم کے کپتان ٹیمبا بووما رن لینے کے چکر میں سعود شکیل کی تھرو پر 82 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوئے۔بووما کے آؤٹ ہونے پر سعود شکیل اور کامران غلام نے جارحانہ انداز سے خوشی منائی جس پر افریقی کپتان ایک منٹ پچ پر کھڑے ہوکر دونوں کو دیکھ کر غصہ ہوئے۔اس سے پہلے شاہین آفریدی اور افریقی بلے باز میتھیو بریٹزکے کے درمیان میچ کے 28ویں اوور میں گرما گرمی ہوئی تاہم محمد رضوان نے مداخلت کر کے بھٹ کو ختم کروایا۔سہ فریقی کرکٹ سیریز کے تیسرے میچ میں پاکستان اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں کراچی میں مد مقابل آئیں، اس دوران دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کے دوران گرما گرمی بھی ہوئی۔جنوبی افریقا نے پہلے بیٹنگ کی اور 29ویں اوور میں جنوبی افریقا کی ٹیم کے کپتان ٹیمبا بووما رن لینے کے چکر میں سعود شکیل کی تھرو پر 82 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوئے۔بووما کے آؤٹ ہونے پر سعود شکیل اور کامران غلام نے جارحانہ انداز سے خوشی منائی جس پر افریقی کپتان ایک منٹ پچ پر کھڑے ہوکر دونوں کو دیکھ کر غصہ ہوئے۔اس سے پہلے شاہین آفریدی اور افریقی بلے باز میتھیو بریٹزکے کے درمیان میچ کے 28ویں اوور میں گرما گرمی ہوئی تاہم محمد رضوان نے مداخلت کر کے بھٹ کو ختم کروایا۔



کراچی میں نیشنل بینک کرکٹ سٹیڈیم کا ایک منظر) پی سی بی ایکس(





اس تصویر میں جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیول کے ایک پارک میں موجود خاتون) اے ایف پی(

افغانستان میں خودکش دھماکا، طالبان کمانڈر سمیت 30 ہلاک

دھماکہ سرکاری ملازمین کو تنخواہیں دینے کے وقت ہوا، کسی گروپ نے ذمہ داری قبول نہیں کی



والے ایک اور واقعے میں پیٹرول سے بھرا ٹینکر الٹ گیا تھا جس میں زوردار دھماکے کے باعث کم از کم 60 افراد جھلس کر ہلاک ہوگئے تھے۔نائیجیریا میں گزشتہ سال اکتوبر میں بھی ایسا ہی ایک واقعہ پیش آیا تھا جس میں 147 افراد جان سے گئے تھے۔ایف آر ایس سی سیکٹر کمانڈر کمار سوکوام نے بتایا کہ ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر مقامی باشندے تھے جو ٹرک الٹنے کے بعد سڑک پر گرا ہوا پیٹرول جمع کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ 9 ستمبر 2024 کو بھی نائیجیریا میں آئل ٹینکر اور ٹرک میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں 48 افراد لقمہ اجل بن گئے تھے۔آئل ٹینکر سڑک سے گزرتے ہوئے مسافروں اور مویشیوں سے بھرے ٹرک سے ٹکرا گیا تھا۔زوردار ٹکر کے باعث آئل ٹینکر دھماکے سے پھٹ گیا تھا اور مسافر بردار ٹرک سمیت دیگر گاڑیوں میں آگ لگ گئی تھی۔ دھماکہ سرکاری ملازمین کو تنخواہیں دینے کے وقت ہوا، کسی گروپ نے ذمہ داری قبول نہیں کی۔



اس تصویر میں شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان 6 فروری 2025 کو شمالی کوریا کے کانگ ڈونگ کاؤنٹی ہسپتال اور جنرل سروس سینٹر کے لیے سنگ بنیاد کی تقریب کے دوران خطاب کررہے ہیں) رائٹرز (

امریکا میں ہزاروں سرکاری ملازمین کی نوکریاں چھوڑنے کی خواہش

23 لاکھ وفاقی ملازمین ہیں اور مستعفی ہونے کے خواہشمندوں کی تعداد 3 فیصد تک پہنچ گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ 65 ہزار سے زائد ملازمین نے امریکا کی سرکاری ملازمتیں چھوڑنے کی خواہش ظاہر کا اظہار کردیا ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سرکاری ملازمت چھوڑنے کی خواہش ظاہر کرنے والے ملازمین کی تعداد میں روز بروز بڑھ رہی ہے۔امریکی میڈیا کے مطابق فوج اور پوسٹل سروس کے علاوہ امریکا میں 23 لاکھ وفاقی ملازمین ہیں اور مستعفی ہونے کے خواہشمندوں کی تعداد 3 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔حکومتی استعداد سے متعلق محکمے کے سربراہ ایلون مسک نے تخمینہ لگایا تھا کہ 5 سے 10 فیصد سرکاری ملازمین نوکریاں چھوڑ دیں گے۔ٹرمپ حکومت نے مراعات کے بدلے نوکری چھوڑنا اختیار کیے جانے کی ڈیڈلائن پیر تک بڑھائی تھی تاہم امریکی عدالت کے جج نے ملازمین کو مراعات دے کر برخاست کرنے کا پروگرام روک دیا ہے۔میساچوسٹس کے جج نے قانونی حیثیت کے تعین تک صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقدام پر عمل روکا ہے۔ 23 لاکھ وفاقی ملازمین ہیں اور مستعفی ہونے کے خواہشمندوں کی تعداد 3 فیصد تک پہنچ گئی۔

شمالی کوریا کا امریکی جوہری آبدوز کی جنوبی کوریا آمد پر ردعمل؛ امریکا خطے میں کشیدگی بڑھا رہا ہے، ترجمان وزارت دفاع کا بیان

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نے کہا ہے کہ ملک کی مسلح افواج جزیرہ نما کوریا میں امریکی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور ملکی سلامتی اور مفادات اور علاقائی امن کے تحفظ کے لئے کوئی بھی حربہ استعمال کرنے کو تیار ہیں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات شمالی کوریا کی وزارت دفاع کے ترجمان نے منگل کو کہی۔شمہوا کے مطابق ترجمان نے کہا کہ امریکہ کی لاس اینجلس کلاس کی جوہری آبدوز یو ایس ایس الیگزینڈریا گزشتہ روز جنوبی کوریا کے شہر بوسان میں بحری اڈے پر پہنچی ہے۔ترجمان نے کہا کہ رواں سال جزیرہ نما کوریا میں امریکی جوہری آبدوز کی پہلی آمد ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ اقدام شمالی کوریا کے سلامتی کے ماحول کے لئے ایک ناقابل تردید خطرہ ہے۔امریکا خطے میں فوجی کشیدگی کو مزید بڑھا رہا ہے۔ترجمان نے کہا کہ ہم امریکا کے اس خطرناک مخاصمانہ فوجی اقدام پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہیں جو جزیرہ نما کوریا کے آس پاس کے علاقے میں کشیدگی کو حقیقی تصادم کی طرف لے جاسکتا ہے۔ترجمان نے کہا کہ امریکا شمالی کوریا کی سلامتی کے حوالے سے تشویش کو کھلے عام نظرانداز کررہا ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ امریکا ایسی اشتعال انگیز کارروائیاں بند کرے۔

مودی سرکار کے دور میں مسلمانوں کیخلاف نفرت انگیزی میں خطرناک اضافہ؛ گزشتہ برس بھارت میں نفرت انگیزی کے 1165 وقوعات ریکارڈ کئے گئے، امریکی تھنک ٹینک

واشنگٹن (این این آئی) عالمی رپورٹ کے مطابق مودی سرکار کے دور حکومت میں مسلمانوں کیخلاف نفرت انگیزی میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی تھنک ٹینک کی جانب سے جاری کی گئی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت میں مذہبی اقلیتوں کے خلاف نفرت انگیز اور اشتعال انگیز واقعات میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔گزشتہ برس بھارت میں نفرت انگیزی کے 1165 وقوعات ریکارڈ کئے گئے جو کہ 2023 کے مقابلے میں 74.4 فی صد زیادہ تھے، ان وقوعات میں 98.5 فی صد میں مسلمانوں کو ہدف بنایا گیا جبکہ 80 فی صد وقوعات ان ریاستوں میں پیش آئے جہاں بی جے پی کی حکومت تھی۔واشنگٹن ڈی سی کے مقامی سینئر فارن ڈی سٹنڈی آف آرگنائزڈ ہیٹ کے منصوبے میں بتایا گیا کہ بھارت میں نفرت انگیزی کا رجحان بالخصوص ان ریاستوں میں جہاں نریندر مودی کی بی جے پی اور ان کے اتحادیوں کی حکومت ہے تشویشناک ہے۔مودی سرکار کے دور میں مسلمانوں کیخلاف نفرت انگیزی میں خطرناک اضافہ؛ گزشتہ برس بھارت میں نفرت انگیزی کے 1165 وقوعات ریکارڈ کئے گئے، امریکی تھنک ٹینک

دنیا کی مہنگی ترین گائے ایک ارب 28 کروڑ روپے میں نیلام

یہ بریڈ اپنے سفید رنگ، قدکاٹ، خوبصورتی اور مضبوط کھر کے باعث بھی مقبول ہے، رپورٹ

ریوڈی جنیرو (این این آئی) برازیل میں منعقد ہونے والی لائیو اسٹاک آکشن میں نیلور گائے ایک ارب اٹھائس کروڑ روپے میں نیلام ہوگئی، لائیو اسٹاک نیلامی کی دنیا میں یہ سب سے بڑی نیلامی ہے، جس کے باعث خریدنے والوں نے کروڑوں روپے کی بولی لگا دی۔نیلور گائے اپنی خصوصیات کے باعث سب کی توجہ حاصل کرلیتی ہے، یہ بریڈ اپنے سفید رنگ، قدکاٹ، خوبصورتی اور مضبوط کھر کے باعث بھی مقبول ہے۔یہ گائے اپنی چکیلی سفید کھال اور کندھوں کے اوپر مخصوص کوہان کے لیے جانی جاتی ہے، گائے کی اس نسل کا تعلق بھارت سے ہے۔

اسٹاک نیلامی کی دنیا میں یہ سب سے بڑی نیلامی ہے، جسے مائل اسٹون قرار دیا جا رہا ہے۔اس نیلامی کی ایک بڑی وجہ اس جانور کی خوبیاں بھی ہیں، جس کے باعث خریدنے والوں نے کروڑوں روپے کی بولی لگا دی۔نیلور گائے اپنی خصوصیات کے باعث سب کی توجہ حاصل کرلیتی ہے، یہ بریڈ اپنے سفید رنگ، قدکاٹ، خوبصورتی اور مضبوط کھر کے باعث بھی مقبول ہے۔یہ گائے اپنی چکیلی سفید کھال اور کندھوں کے اوپر مخصوص کوہان کے لیے جانی جاتی ہے، گائے کی اس نسل کا تعلق بھارت سے ہے۔برازیل میں منعقد ہونے والی لائیو اسٹاک آکشن میں نیلور گائے جسے مقامی طور پر ویاتینا 19 اف آئی وی مارا اموویز کہا جاتا ہے، سب سے زیادہ نیلامی کے ساتھ فروخت ہوئی ہے۔لائیو

برطانیہ میں سانپوں کی نئی نسل پھیل گئی، گھروں کو بند رکھنے کی ہدایت

ان سانپوں نے برطانیہ کے علاقے نارتھ ویلز میں گھر بنانے کا عمل شروع کردیا ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ میں سانپوں کی نئی نسل نے شہریوں کو خوف میں مبتلا کر دیا، سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ یہ سانپ خاص طور پر گھروں میں جگہ بناتے ہیں۔امریکی ٹی وی کے مطابق سائنسدانوں نے پتہ لگایا ہے کہ بڑے سانپ کی ایک قسم جنہیں Aesculapian snake کہا جاتا ہے، نے برطانیہ کے علاقے نارتھ ویلز میں گھر بنانے کا عمل شروع کردیا ہے۔سانپوں کی لمبائی 6.5 فٹ تک ہے، جنہیں حادثاتی طور پر جنگل میں چھوڑ دیا گیا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ خوش قسمتی سے یہ سانپ زہریلے نہیں ہیں اور ان کے کاٹنے سے ہلاکت نہیں ہوگی۔سائنسدانوں کے مطابق یہ سانپ عام طور پر چوہے اور چوہے جیسے چھوٹے جانور کھاتے ہیں۔بنگور یونیورسٹی کے سانپوں کے ماہر پروفیسر وولف گینگ وسٹر نے دعوی کیا ہے کہ چھوٹے جانور ان سانپوں کو مار سکتے ہیں یعنی ان سانپوں کو آسانی سے مارا جا سکتا ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ یہ سانپ زیادہ تر چھوٹے جانور جیسے چوہوں کا شکار زیادہ کرتے ہیں۔اس کا مطلب ہے کہ ان سانپوں سے پالتو جانور اور لوگ دونوں محفوظ ہیں۔اگرچہ یہ سانپ برطانیہ کے لیے نئے نہیں ہیں، لیکن انھیں یہاں 3 لاکھ سال کے طویل عرصے سے نہیں دیکھا گیا، جس کے باعث تشویش پیدا ہوگئی۔یورپ میں، Aesculapian سانپوں کی تعداد کم ہو رہی ہے۔

دبئی: وزیراعظم، محمد شہباز شریف، سلطان احمد بن سلیمان، گروپ چیئرمین اور DP CEO ورلڈ کے ساتھ تبادلہ خیال کررہے ہیں

10 فروری 2025 کو اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم سلامتی کونسل کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے) اقوام متحدہ میں پاکستان کا مشن ایکس(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

دنیا میں کوئی قوم اپنی زبان کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی ہماری قومی زبان اردو ہے

قومی زبان سے مراد زبان جو سارے ملک کو اتحاد کے بندھن میں باندھے رکھتی ہے: سید عابد رضا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دنیا میں کوئی قوم اپنی زبان کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی ہماری قومی زبان اردو ہے۔قومی زبان سے مراد زبان جو سارے ملک کو اتحاد کے بندھن میں باندھے رکھتی ہے ایک دوسرے کے عقائد، نظریات اور خیالات کو سمجھنے میں معاون و مددگار ہوتی اور تعلیم کی اساس مضبوط کرتی ہے۔اس لحاظ سے قومی یکجہتی میں انتہائی نمایاں کردار ادا کرتی ہے اردو زبان ہمارے ثقافتی ورثے کی امین ہیڈ بجیل دور میں داخل ہونے کے بعد اردو ملازمت کے نئے مواقع پیدا کررہی ہے اردو کے مراکز دبئی کھٹمنڈو کراچی یا لاہور ہی نہیں رہے اب جرمنی، کینیڈا، برطانیہ، جاپان اور ترکی اردو کے نئے مراکز بن چکے ہیں ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ گریجویٹ کالج سمن آباد فیصل آباد میں شعبہ اردو کے ایک روزہ قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے صدر محفل سید عابد رضوی، خازن انجمن ترقی اردو کراچی نے کیا سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر یاسمین سلطانہ فاروقی ، ڈاکٹر صدف نقوی صدر نشیں شعبہ اردو گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد، ڈاکٹر فاروق بیگ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر محمد عالم پرنسپل اورصدر شعبہ اردو ڈاکٹر افضل حمید، پروفیسر طاہر اشرف اور ریاض احمد قادری نے کہا کہ قیام پاکستان کے فوراً بعد ہی اس بات کا فیصلہ کرلیا گیا تھا۔

چیئرمین ڈرگ کورٹ سید خالد حسین بخاری کا لائل پور فوٹو گیلری کا دورہ

اس موقع پر انہیں کسٹوڈین لال پور پکچر گیلری میاں بشیر اعجاز نے وزٹ کروایا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) چیئرمین ڈرگ کورٹ سید خالد حسین بخاری کا لائل پور فوٹو گیلری کا دورہ فیصل آباد: چیئرمین ڈرگ کورٹ فیصل آباد سید خالد جاوید بخاری نے حال ہی میں لائل پور فوٹو گیلری کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہیں کسٹوڈین لال پور پکچر گیلری میاں بشیر اعجاز نے وزٹ کروایا اور وہاں موجود نایاب تاریخی تصاویر کی اہمیت اور پس منظر سے آگاہ کیا۔سید خالد حسین بخاری نے گیلری میں رکھی گئی تصاویر اور تاریخی دستاویزات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ان کی حفاظت اور عوامی آگاہی کے لیے گیلری کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی نایاب تصاویر نئی نسل کو

حضور کی آمد سے ظلم کے اندھیرے اجالوں میں بدل گئے: سید خلیل حسین

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی معروف سماجی ومذہبی شخصیت سید خلیل حسین کاظمی نے کہا ہے کہ حضور کی آمد سے ظلم کے اندھیرے اجالوں میں بدل گئے، رحمت اللعالمین کی تشریف آوری سے ظلم و بربریت کا خاتمہ اور سکون واطمینان اور بھائی چارے کی فضاء کو فروغ نصیب ہوا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جہلم پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دینے کے بعد صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے نومنتخب صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس اور انکی پوری ٹیم کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کی اس موقع پر نومنتخب صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس ،نائب صدر مرزا قدیر بیگ ،جوائنٹ سیکرٹری چوہدری تصورحسین انفارمیشن سیکرٹری سید ناصر محمود فنانس سیکرٹری شہریار علی راجہ، چوہدری عابد محمود، عامر کیانی عبدالباسط مجاہد شیخ عتیق الرحمن مرزا فاران بیگ چوہدری مہربان حسین انیس الرحمن بٹ سلمان قادری محمد ادریس فضل خان چوہدری بابر حسین سلطان رضوی شیر رضوی چوہدری دانیال عابد عبدالغفار آزاد، اسماعیل افتخار سمیت دیگر بھی موجود تھے

بذریعہ موبائل ایپ جوا کھیلتے دو جواری رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بذریعہ موبائل ایپ جوا کھیلتے دو جواری رنگے ہاتھوں گرفتار ایک فرار رقم نکدی 2 موبائل برآمد تھانہ سٹی ڈسکہ کے علاقہ میں بازار پرانا ڈسکہ میں محمد آصف ،اسجد اور حسنین بذریعہ موبائل فون ایپ جوا کھیل رہے تھے کہ مخبر خاص کی اطلاع پر سٹی پولیس نے چھاپہ مار کر دو ملزمان محمد آصف اور اسجد کو گرفتار کرلیا جبکہ تیسر املزم حسنین فرار ہوگیا ملزمان نے بتایا کہ وہ ملزم حسنین کی سرپرستی میں بذریعہ موبائل ایپلیکیشن جوا کھیلتے اور کھلاتے ہیں سٹی پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

شب برات توبہ اور مغفرت کی رات ہے: نثار احمد گجر، شہباز علی

اللہ کریم نے اپنے بندوں کو توبہ ومعافی کے بے شمار مواقع عطا کیے ہیں تاکہ انسان کو بخش دیا جائے





نارنگ منڈی (نامہ نگار) شب برات توبہ اور معافی کی رات ہے مناجات اور دعاؤں سے تقدیر بدل دی جاتی ہے اللہ تعالی نے امت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو توبہ اور بخشش کیلئے شب برآت اور شب قدر جیسی راتیں عطا کیں تاکہ بندہ معافی اور توبہ کرکے گناہوں سے پاک ہوجائے ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم ویلفیئر شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اللہ تعالی کی رحمت بہت وسیع ہے جو اتنے گناہ کرنے کے باوجود اپنے بندے کیلئے بخشش کے بے شمار وسیلے پیدا کرتی ہے شب برآت کے موقع پر اللہ کے حضور معافی مانگ کر مناجات سے اپنے گناہوں کی بخشش کا بہترین موقع ہے دعا ہے کہ اللہ کریم ہم پر رحم اور کرم فرمائے اور ہمیشہ اپنی رحمت میں رکھے۔

حکومت کی گزشتہ ایک سال کی کارکردگی مثالی ہے: ضرغام گورائیہ

انٹرنیشنل کرکٹ کی بحالی سے روشنیاں واپس آئی ہیں: صہیب گورائیہ





نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مسلم لیگ ن روشنیاں واپس لے آئی ہے انٹرنیشنل کرکٹ کی بحالی خوش آئند ہے مریم نواز نے پنجاب کا نقشہ تبدیل کردیا ہے کسانوں طلبا اور اقلیت سمیت ہر طبقے کیلئے ریلیف پیدا کیا گیا مضمان مبارک میں مستحق افراد کیلئے پیکج کی ابھی سے تیاری شفافیت برقرار رکھنے کی طرف اشارہ ہے ان شاءاللہ آئندہ سال صورتحال یکسر تبدیل ہوجائے گی انٹرنیشنل کرکٹ کی بحالی معیشت کی بحالی طرف اشارہ ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی ایک سال کی کارکردگی مثالی رہی ہے ن لیگ کی قیادت نے جو وعدے کیے ان کی تکمیل ہورہی ہے حالات بہتری کی طرف جارہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف سکولوں، ہسپتالوں اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے شجر کاری مہم کے سلسلہ میں سکول میں پودا لگایا، جشن سٹیم مقابلہ جیتنے والے طلباء سے ملاقات کی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف سکولوں، ہسپتالوں اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے شجر کاری مہم کے سلسلہ میں سکول میں پودا لگایا، جشن سٹیم مقابلہ جیتنے والے طلباء سے ملاقات کی جبکہ ہسپتالوں میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے گورنمنٹ ہائی سکول کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شجر کاری مہم کے سلسلہ میں پودا بھی لگایا۔ڈپٹی کمشنر نے جشن سٹیم مقابلوں میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء سے ملاقات کی اور اس عظیم کامیابی پر پرنسپل عنایت اللہ، کلاس ٹیچر نصر اللہ ساجد اور طالب علموں اشتیاق علی اور محمد فیضان کو مبارکباد دی۔سی ای او ایجوکیشن اکرم اشرف بھی اس موقع پر موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ ماڈل پرائمری سکول کینال کالونی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سکول میں مجموعی تعلیمی صورتحال اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے طلباء طالبات سے سکول ورک بارے سوالات کیے اور فیڈ بیک دیا۔ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکول کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے سکول کی اپ گریڈیشن اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کی جنرل ایمرجنسی، چلڈرن ایمرجنسی اور دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے بی ایچ یو چک چٹھہ کا بھی دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں میں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی فراہمی، بچوں کی ویکسین اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مریضوں اور انکے لواحقین سے طبی سہولیات کی فراہمی بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ڈپٹی کمشنر نے یونین کونسل ونی کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے زیر تعمیر سڑک کے منصوبے اور تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس، محکمہ ہائی ویز اور بلڈنگز افسران بھی انکے ساتھ تھے۔

دکاندار آن لائن بل جمع کروانے والے شہریوں سے من مانی فیس وصول کرنے لگے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دکاندار آن لائن بل جمع کروانے والے شہریوں سے من مانی فیس وصول کر کے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے لگے، آئے روز بجلی، گیس کی قیمتوں میں اضافے اور بلوں پر بھاری اضافی ٹیکسز کی بھرمار نے شہریوں کو زندہ درگور کر دیا ہے رہی سہی کسر کالج روڈ و دیگر موبائل شاپس والے نکال رہے ہیں شہریوں سے کل رقم کے حساب سے 50 روپے سے 150 روپے تک فی بل اضافی وصول کئے جارہے ہیں

جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں غیر نمونہ نمبر پلیٹ موٹر سائیکلیں وگاڑیاں سڑکوں پر رواں دواں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں غیر نمونہ نمبر پلیٹ موٹر سائیکلیں وگاڑیاں سڑکوں پر رواں دواں۔جس کی وجہ سے جرائم میں غیر معمولی اضافہ ہونے لگا۔غیر نمونہ نمبر پلیٹیں تیار کرنے والے کاریگروں کی موجیں جرائم پیشہ افراد غیر نمونہ نمبر پلیٹس کی آڑ میں معاشرے کا امن تباہ کرنے میں مصروف ہیں۔جہلم شہر اور گردونواح میں سخت چکمتی احکامات کے باوجود گاڑیوں میں غیر نمونہ نمبر پلیٹیں لگانے کا سلسلہ جاری ہے۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کا یونین کونسل 35 میں بہار کالونی، کاظمی پارک، سیٹلائٹ ٹاؤن کا دورہ

صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، سی او ایم سی، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افسران و دیگر بھی ہمراہ تھے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کا یونین کونسل 35 میں بہار کالونی، کاظمی پارک، سیٹلائٹ ٹاؤن کا دورہ۔صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، سی او ایم سی، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افسران و دیگر بھی ہمراہ تھے۔ڈپٹی کمشنر نے فوری طور پر یونین کونسل کے بازاروں گلیوں کو صاف کرنے کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، انکا کہنا تھا کہ وہ خود صفائی کو چیک کرنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر وزٹ کررہے ہیں، انہوں نے سی او ایم سی کو تمام گلیوں بازاروں سے تجاوزات کو ختم کروانے کے احکامات جاری کیے، علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بہار کالونی چنیوٹ کا اچانک دورہ کیا اور کلاسز میں جا کر طلباء کے تدریسی اموپکا جائزہ لیا، بیڈ پرفارمنس پر ہیڈ ٹیچر سمیت دو ٹیچرز کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کرنے کے احکامات جاری کیے، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وہ ضلع بھر میں تعلیمی اداروں کے وزٹ روزانہ کی بنیاد پر جاری رہیں گے۔

دیپالپور اوکاڑہ ویلنٹائن ڈے منانا شرمناک فعل حکومت اسلامی اقدار کا تحفظ یقینی بنائے

نسل نو کا اسلامی تعلیم یافتہ ہونا بھی ضروری ہے: امیر میاں محمد اسلم



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور اوکاڑہ ویلنٹائن ڈے منانا شرمناک فعل حکومت اسلامی اقدار کا تحفظ یقینی بنائے نسل نو کا اسلامی تعلیم یافتہ ہونا بھی ضروری ہے ضلعی امیر میاں محمد اسلم صدیقی و ناظم قاری ابوبکر صدیق کو اعزازی شیلڈ پیش کی گئی قاری ابوبکر صدیق کی شیلڈ محمد جنید بغدادی نے وصول کی اس موقع پر حافظ محمد عبداللہ ظہیر قاری ابتسام الٰہی صدیقی عبدالرزاق مغل بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ویلنٹائن ڈے منانا ایک انتہائی شرمناک فعل ہے جس کا اسلامی طریقہ کار سے کوئی تعلق نہیں انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں اسلامی اقتدار کا تحفظ یقینی ثقافت سے آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے اسلامی اقدار کے تحفظ کیلئے مسلمانوں کے لئے رسول اکرم کی زندگی بہترین مصور ہے۔ نے اس موقع پر ملک محمد سلیم کی طرف سے بطور امیر ضلع میاں محمد اسلم صدیقی و ناظم قاری ابوبکر صدیق کو پانچ سالہ گارگردگی پر اعزازی شیلڈ پیش کی گئی قاری ابوبکر صدیق

سیکرٹری یونین کونسل شہریوں کیلئے وبال جان بن گیا

کرپشن کا نوٹس لیتے ہوئے فوری کاروائی نہ کی گئی شہری احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے

عوام کی جس طرح تذلیل کی جارہی ہے وہ قابل قبول نہیں ایک جنم پرچی کی مد میں کلرک سیکرٹری یونین کونسلز دس دس پندرہ پندرہ روپے شرفاء سے بٹور رہے ہیں آج دور حاضر میں عام انسان کیلئے دو وقت کی روٹی کھانی میسر نہ ہے تو رشوت دینے کیلئے پیسہ کہاں سے لائیں ان حالات میں وزیر اعلی مریم نواز سے خصوصی اپیل ہے کہ وہ اس بابت از خود نوٹس لیں اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور ڈائریکٹر اینٹی کرپشن لاہور ڈویژن کو سیکرٹری یونین کونسلز فیروزوالہ کے خلاف کاروائی کا حکم دیں۔

دوران گشت ونا کہ بندی دو ملزمان شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دوران گشت ونا کہ بندی دو ملزمان شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد تھانہ صدر پولیس نے دوران گشت ونا کہ بندی موضع پلی راجباہ ستوکے کے قریب ملزم منیب حیدر سے 8 لیٹر شراب اور موٹرہ پولیس نے موضع کوٹ ماناں میں ملزم حیدر علی سے ایک عدد ناجائز پسٹل 30 بور معہ 2 گولیاں برآمد کر کے الگ الگ مقدمہ درج کرلیا۔

بجلی چور کیخلاف 10 مقامات پر کریک ڈاؤن

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایس ای لیسکو شیخوپورہ عمر بلال اور ایکسین رضوان قریشی کی ہدایت پر لیسکو کھارا نوالہ سب ڈویژن کے عملہ نے ریجرز اور ایلیٹ فورس کے اہلکاروں ہمراہ بجلی چوروں اور ڈیڈ ڈیفالٹر کیخلاف قادر آباد، وزیراں ورکاں بلڑ کے، کلیپی ڈوگراں، مالووال، او رہاہو مان میں کریک ڈاؤن کرکے 10 مقامات پر بجلی کی مین سپلائی لائنوں پر ڈائریکٹ کنڈے لگا کر کی جانے والی بجلی کی چوری پکڑلی ان بجلی چوروں کو 7 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا جبکہ ڈیڈ ڈیفالٹرز سے 25 لاکھ روپے کی رقم ریکور کی گئی اور 6 بجلی چوروں کو موقع پر گرفتار کر واکر ان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کروائے گئے مذکورہ کاروائیوں میں لیسکو عملہ کی سربراہی لائن سپرنٹنڈنٹ شمس الحسن نے کی جبکہ ایس ای لیسکو شیخوپورہ عمر بلال او ر ایکسین رضوان قریشی نے بجلی چوروں کیخلاف کامیاب کاروائی کرنے پر لیسکو سب ڈویژن کھارا نوالہ کے افسران و فیلڈ ملازمین اور ریجرز و ایلیٹ اور لیسکو کی ٹیم کو شاباش دی ہے۔

7 اضلاع میں 545 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری

منصوبوں پر مجموعی طور پر 124 ارب 74 کروڑ روپے سے زائد اخراجات کا تخمینہ ہے

گوجرانوالہ: (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیر اعلی پنجاب کے "ایس ڈی جیز" پروگرام کے تحت گوجرانوالہ/گجرات ڈویژن کے 7 اضلاع میں 545 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، منصوبوں پر مجموعی طور پر 124 ارب 74 کروڑ روپے سے زائد اخراجات کا تخمینہ ہے، حافظ آباد اور گجرات میں 424 ملین روپے لاگت کے دو منصوبوں کی منظوری بھی دیدی گئی ہے، ان خیالات کا اظہار کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبدالرؤف نے بریفنگ دی، تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس سے منسلک تھے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ حافظ آباد میں تحصیل کمپلکس کی تعمیر پر 225 ملین روپے خرچ ہوں گے۔انہوں نے بتایا کہ جلالپور جٹاں گجرات تا شہباز پور سیوریج لائن منصوبہ پر لاگت کا ابتدائی تخمینہ 200 ملین روپے تھا تاہم اب اسکی لاگت میں کمی ہوئی ہے اور نیا تخمینہ لاگت 198 ملین روپے ہے۔کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ ایس ڈی جیز پروگرام کے تحت گوجرانوالہ میں 126، سیالکوٹ میں 158، گجرات میں 103، حافظ آباد میں 13، منڈی بہاوالدین میں 30 اور وزیر آباد میں 9 منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن پر فزیکل پراگریس 38 فیصد جبکہ فنانشل پراگریس 33 فیصد ہے۔کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ہدایت کہ تمام ڈیپارٹمنٹس منصوبوں کی تکمیل کے دوران کوالٹی یقینی بنائیں، منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے بلاک کی بروقت ادائیگی کی جائے گی۔

سمندری: ملک عاطف کی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب اہم شخصیات کی شرکت

سابق صوبائی وزیر سردار دلدار احمد چیمہ، حافظ ممتاز احمد، سابق MPA چوہدری عادل پرویز سلطان گجر

سمندری (تحصیل رپورٹر) ملک عاطف کی دعوت ولیمہ کی پر وقار تقریب سیاسی، سماجی، وکلاء، صحافیوں سمیت دیگر شخصیات کی شرکت۔تفصیلات کے مطابق معروف سماجی شخصیت حاجی آصف رؤف کے صاحبزادے ملک عاکف پھول کے بڑے بھائی ملک عاطف کی دعوت ولیمہ کی پر وقار تقریب میں سابق صوبائی وزیر سردار دلدار احمد چیمہ، سابق صوبائی وزیر حافظ ممتاز احمد، سابق MPA و پارلیمانی سیکرٹری چوہدری عادل پرویز سلطان گجر، M.P.A حاجی اسماعیل سیلا، رہنما پی پی 104 چوہدری مستقیم مہار، چوہدری محمد خاں پسوال، چوہدری امجد گجر، راؤ کامران مجاہد خاں ایڈووکیٹ، چوہدری جاوید بھجاڑ، حاجی شہزاد گجر، رانا محمد نواز خاں، چوہدری امجد گجر، سردار مبشر گجر، سینئر صحافی چوہدری محمد اعظم رضا راول، چوہدری آصف احمد علی راول ایڈووکیٹ، چوہدری فیصل اقبال راول ایڈووکیٹ، نوید بھیا، سمیت دیگر اہم سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی اور ملک عاطف کو شادی کی مبارک باد پیش کی، یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ولیمہ کی تقریب میں شرکت کیلئے آنے والے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا گیا، معروف سماجی شخصیت حاجی آصف رؤف، ملک پھول نے ولیمہ کی تقریب میں تشریف لانیوالے تمام مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی تربیت دینے کا سلسلہ جاری

چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے گزشتہ روز فیروزوالہ کے مختلف صنعتی یونٹس کے مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران ملارتھ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعمان علی ڈوگر، ڈی او سول ڈیفنس خالد شہزاد اعوان کی خصوصی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی تربیت دینے کا سلسلہ جاری ہے، چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے گزشتہ روز فیروزوالہ کے مختلف صنعتی یونٹس کے مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں اور انہیں آگاہی دی کی صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی تربیت دی جارہی ہے سول ڈیفنس انسانی جانوں کے تحفظ اور ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کی عملی مشقوں کا اہتمام کرکے تحفظ عامہ کے حوالے سے بھرپور کردار ادا کررہا ہے ہماری ہمیشہ ترجیح رہی ہے کہ ہر فرد ناگہانی حالات میں خود کو بچانے اور دوسروں کی جانوں کے تحفظ کی خاطر موثر کردار ادا کرنے کے قابل بن سکے موجودہ عملی مشقیں بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہیں۔ املاک کے تحفظ کے طریقوں کے حوالے سے آگاہی دی، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی تربیت دی جارہی ہے سول ڈیفنس انسانی جانوں کے تحفظ اور ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کی عملی مشقوں اور سرگودھا کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جبکہ ابتدائی میچ گوجرانوالہ اور سرگودھا کے مابین کھیلا گیا جو سخت مقابلہ کے بعد گوجرانوالہ کی ٹیم نے جیت لیا۔کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مہمان ٹیموں اور کھلاڑیوں کو گوجرانوالہ میں خوش آمدید کہا اور امید ظاہر کی کہ شائقین کو دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں اور اتھلیٹس کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے

کھیلتا پنجاب کے تحت جناح اسٹیڈیم میں چار روزہ بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز ہوگیا

کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ افتتاحی سیشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے پروگرام کھیلتا پنجاب کے تحت جناح اسٹیڈیم میں چار روزہ بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز ہوگیا۔کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ افتتاحی سیشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی جہاں انکا کھلاڑیوں سے تعارف کروایا گیا۔ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر اور ٹورنامنٹ کے آرگنائزر بھی موجود تھے۔ چار روزہ بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ میں گوجرانوالہ کے علاوہ لاہور، راولپنڈی اور سرگودھا کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جبکہ ابتدائی میچ گوجرانوالہ اور سرگودھا کے مابین کھیلا گیا جو سخت مقابلہ کے بعد گوجرانوالہ کی ٹیم نے جیت لیا۔کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مہمان ٹیموں اور کھلاڑیوں کو گوجرانوالہ میں خوش آمدید کہا اور امید ظاہر کی کہ شائقین کو دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں اور اتھلیٹس کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے

پولیس کی شاندار کارکردگی، مزمل ڈکیت گینگ گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے 80 ہزار روپے نقدی اور موٹر سائیکل مالیتی 02 لاکھ 20 ہزار روپے برآمد کی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) احکامات کے پیش نظر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی عنصر جاوید موہل و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزمل ڈکیت گینگ کے 02 ارکان کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 80 ہزار روپے نقدی اور موٹر سائیکل مالیتی 02 لاکھ 20 ہزار روپے برآمد کی۔گرفتار کیے گئے ملزمان میں مزمل اور وسیم شامل ہیں۔دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ ضلع بھر میں ڈکیتی و چوری کرتے اور فرار ہوجاتے۔اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا کہ مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی عنصر جاوید موہل اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو شاباش دی۔

منشیات فروشوں سے 2620 گرام چرس برآمد: منشیات فروش گرفتار

ایس ایچ او تھانہ سٹی انسپکٹر سہیل اشرف نے میڈیا کو بتایا کہ منشیات کا مکروہ دھندہ کرنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس تھانہ شریف پورہ سے 1300 گرام چرس برآمد کرلی۔دونوں ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ایس ایچ او تھانہ سٹی انسپکٹر سہیل اشرف نے میڈیا کو بتایا کہ منشیات کا مکروہ دھندہ کرنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں۔دیگر تھانہ جات کی طرح تھانہ سٹی پولیس بھی منشیات کے خلاف جنگ میں پرعزم ہے اور ایسی کارروائیاں مسلسل جاری رہیں گی۔

پاسپورٹ دفتر میں پاسپورٹ کی فراہمی کی سہولت چوبیس گھنٹے ہے

پاسپورٹ وصول کرنے پر دفتر کے باہر بیٹھے ایجنٹ مافیا کے خلاف ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کا ایکشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاسپورٹ دفتر میں پاسپورٹ کی فراہمی اور وصولی چوبیس گھنٹے ہے عوام کا جب جی چاہے پاسپورٹ وصول کرے پاسپورٹ دفتر کے باہر بیٹھے ایجنٹ مافیا کے خلاف ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ ڈی پی او اوکاڑہ اور اپنے محکمہ کو خصوصی خط لکھا کہ ایجنٹ مافیا اور رشوت خور مافیا سے جان بخشی کرائی جائے جو کہ سادہ لوح عوام کو لوٹنے کے ساتھ ساتھ ہماری اور پاسپورٹ دفتر کی بدنامی کا باعث بھی بنتے ہیں لہذا میں نے ایجنٹ مافیا کے خلاف باقاعدہ آپریشن بھی کروایا ریجنل پاسپورٹ آفس اوکاڑہ کے انچارج حیدر علی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ دفتر کی عمارت ناقص ہونے کی وجہ سے ڈائریکٹر جنرل پنجاب محکمہ پاسپورٹ کو عمارت تبدیل کرنے کیلئے خط لکھا کیونکہ عمارت تنگ ہونے کے ساتھ ساتھ خستہ حال بھی ہے خاص طور پر بارش کے دنوں میں چھت ٹپکتی ہے اور بھی بہت سے مسائل ہیں جن کی وجہ سے سائلین اور دفتری عملے کو خاصی تکلیف اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہذا ان تکالیف اور پریشانیوں کا مداوا کرنے کیلئے محکمہ پاسپورٹ کی عمارت کو تبدیل کیا جائے ریجنل پاسپورٹ پاسپورٹ دفتر اوکاڑہ کے انچارج حیدر علی نے یہ بھی کہا کہ اپنا پاسپورٹ بنوانے کیلئے عوام کو کسی سفارش یا رشوت دینے کی ضرورت نہیں ہے ایک عام سروے کے مطابق پاسپورٹ بنوانے کیلئے آنے والے عوام کا کہنا تھا کہ حیدر علی ایک ایماندار اور دیانتدار افسر ہیں جن سے اوکاڑہ کی عوام خاصی طور پر مطمئن اور خوش بھی ہے

اوکاڑہ کے نواح میں اوباش کی 13 سالہ بچے سے زبردستی بدفعلی کرنے کی کوشش ناکام ہوگئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباش کی 13 سالہ بچے سے زبردستی بدفعلی کرنے کی کوشش ناکام ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ محل

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعرات 13 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

ہیلپ لائن 042-3636003

گمشدگی کا نوٹیفکیشن

میری مویشی کالونی بنڈا CD70 پاسپورٹ نمبر B574113 تحصیل نمبر B2816284 لیبر نمبر 82823629-010-003 پاسپورٹ نمبر 9805057-0347 گم ہوگیا ہے جس شخص کو ملے وہ نزد ڈیل پہنچا دے انعام پائے۔

اعلان نکاح

میری بیٹی نصرت جاں مرحوم کی بیٹی حافظ قرآن عزیزہ مسمات ثمینہ بی بی کا نکاح بعوض حق مہر 219 روپے بمطابق شرع محمدی بعوض حق مہر 219 روپے بمطابق شرع محمدی بعوض حق مہر 219 روپے بمطابق شرع محمدی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (8) جمعرات 13 فروری 2025ء

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سے ملاقا

رائیونڈ میں شادی ہال کے کھانے سے حالت غیر ہونے کا معاملہ، میرج ہال بند، مقدمہ درج

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا فوری نوٹس، میرج ہال شادی کی تقریب میں میں تقریباً 360 کے قریب افراد شریک تھے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق فوڈ سیفٹی کے قوانین واضح ملاوٹ اور جعلسازی پر زیرو ٹالرینس پالیسی ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (خبر نگار) رائیونڈ میں شادی ہال کے کھانے سے حالت غیر ہونے کے معاملے پر بڑی کارروائی، فوڈ اتھارٹی نے فوری نوٹس لیا اور میرج ہال کو بند کر کے زمہ داران کیخلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا، تفصیلات کے مطابق میرج ہال شادی کی تقریب میں میں تقریباً 360 کے قریب افراد شریک تھے، کھانا کھانے سے تقریباً 200 افراد کو متلی اور پیٹ خراب کی شکایت ہوئی اور ان تمام کو مختلف ہسپتالوں میں داخل کروا دیا گیا، عاصم جاوید ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے ایل ایچ کیو کے علاقے تھانہ نواب ٹاؤن کی حدود میں افسوس ناک واقع پیش آنے، شکایت موصول ہوتے ہی بلیو ڈی جی فوڈ اتھارٹی فوری ایکشنز لیا اور فوڈ سیفٹی افسران کی ٹیم کے مطابق میرج ہال شادی کی تقریب میں میں تقریباً 360 کے قریب افراد شریک تھے، کھانا کھانے سے تقریباً 200 افراد کو متلی اور پیٹ خراب کی شکایت ہوئی اور ان تمام کو مختلف ہسپتالوں میں داخل کروا دیا گیا، عاصم جاوید ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے ایل ایچ کیو کے علاقے تھانہ نواب ٹاؤن کی حدود میں افسوس ناک واقع پیش آنے، شکایت موصول ہوتے ہی بلیو ڈی جی فوڈ اتھارٹی فوری ایکشنز لیا اور فوڈ سیفٹی افسران کی ٹیم



لاہور: سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا مرکزی مسلم لیگ کے سیکرٹریٹ آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے

وزیر اعلیٰ کی جانب سے طلباء کو لیپ ٹاپ دینے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، رانا انوار الحق

جشن سیلم کے کامیاب انعقاد پر صوبائی وزیر تعلیم، سیکرٹری سکول پنجاب ان کی ٹیم ای ای ای وایا ایجوکیشن لاہور و دیگر کا مبارکباد، رانا انوار الحق

وزیر اعلیٰ پنجاب کی تعلیمی ویژن کو عملی جامہ پہنانے میں ہزاروں SSE, S اساتذہ کا کردار نمایاں ہے انہیں مستقل کیا جائے، گفتگو

اسرائیلی وزیر اعظم کی قیدیوں کے حوالے سے حماس کو دھمکی

حماس نے تبادلے کی دو پہر تک قیدیوں کی واپسی نہ کی تو غزہ معاہدہ ختم ہو جائے گا، بنجمن یاہو

طیب ایبو (این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن یاہو نے کہا ہے کہ اگر حماس نے اگلے ہفتے دو پہر تک ہمیں یرغمالیوں کی رہائی کی فہرست نہ دی تو غزہ معاہدہ ختم ہو جائے گا، اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن یاہو نے کہا ہے کہ اگر حماس نے اگلے ہفتے دو پہر تک ہمیں یرغمالیوں کی رہائی کی فہرست نہ دی تو غزہ معاہدہ ختم ہو جائے گا، بنجمن یاہو

این اے 117 آئی پی پی رہنماؤں کی اے سی راوی ٹاؤن، ایکسین و اساوہ دیگر سے ملاقات

حلقے میں درپیش بنیادی شہری مسائل پر گفتگو، ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل عبدالعلیم خان کی اولین ترجیح، میاں طارق محمود

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کی جلاوت پر حلقے میں شہریوں کو درپیش پانی بجلی، گیس اور سیوریج سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لئے کوارڈینیٹر این اے 117 میاں خالد محمود کی سربراہی میں اضلاع کا پاکستان پارٹی کے رہنماؤں نے اسی راوی ٹاؤن طارق شیئر، ایکسین واسا عمیر مسعود، ایکسین راوی ٹاؤن ندیم جاوید اور ایس ڈی او راوی ٹاؤن ناصر اقبال سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر جائزہ خیال کیا گیا اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی جس کے جواب میں حفتگو تھا کہ ان کی جانب سے آئی پی پی رہنماؤں کو تمام مسائل کے بروقت حل کی یقین دہانی کرائی گئی۔



کوارڈینیٹر این اے 117 میاں خالد محمود، ناصب صدر آئی پی پی پنجاب میاں جنید ذوالقدار کی اے سی راوی ٹاؤن طارق شیئر، ایکسین واسا عمیر مسعود و دیگر سے ملاقات

پاکستانی قوم ہر حال میں حقیقی آزادی کی منتظر ہے، رانا جاوید عمر

ملک میں قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق دونوں بری طرح پامال ہیں، رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ ملک میں قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق دونوں بری طرح پامال ہیں جبکہ پاکستانی قوم ہر حال میں حقیقی آزادی کی منتظر ہے، انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم صوبائی خان کمیشن عظیم الشہید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

روس کی بھارت کو جدید ترین جنگی طیارے دینے کی پیشکش

بھارت اتفاق کرلے تو طیاروں کی فراہمی کے لیے تیاری جلد کی جاسکتی ہے، روسی حکام

ماسکو (این این آئی) روس نے اپنے ساتھ اہم اتحادی ملک بھارت کو ایک بار پھر اپنے جدید ترین جنگی طیاروں کی فراہمی کی پیشکش کر دی ہے۔ یہ پیشکش طیارے سوخوئی کی پانچویں جنریشن پلس یو 57 سٹیلتھ نومیت کے ہیں۔ جن کی مدد سے بھارت کو اپنی فضائی قوت بہتر بنانے کا موقع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

داعش نے صومالیہ میں فوجی اڈے پر حملہ کر دیا، 70 جنگجو ہلاک

خونخوار حملہ آوروں کو نشانہ بناتے ہوئے انہیں بھاری نقصان پہنچایا، ترجمان صومالی فوج

موغادیشو (این این آئی) داعش نے صومالیہ کے شمال مشرقی حصے میں بیلٹ لینڈ ریاست میں فوجی اڈے پر رات کے وقت خودکش کار بم حملہ کیا کہ علاوہ موٹر سائیکلوں کی مدد سے بھی خودکش حملے کیے ہیں، تاہم فوجی

عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، طارق محمود باجوہ

تاجر دھڑے میاں سعید زرگر کی باجوہ گروپ میں شمولیت پر تکلف عشائیے سے خطاب

لاہور (این این آئی) تاجر برادری کے بڑے دھڑے سابق صدر انجمن تاجران میاں سعید زرگر کی ساتھیوں سمیت باجوہ گروپ میں شمولیت پر چوہدری طارق محمود باجوہ سابق ایم این اے، سینئر سلطان طارق باجوہ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا، چوہدری طارق محمود

یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں سٹیم مقابلہ جات کا انعقاد

پہلی تین پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو کیش انعامات دینے کا اعلان

اسطرح کے مقابلوں کا انعقاد طلبا کی تحقیقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے، ڈاکٹر شاہد منیر

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں سٹیم (سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، ریاضی) مقابلہ جات اور پاکستان بھر سے سال آخر کے پراجیکٹس کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ نمائش کا انعقاد یونیورسٹی کی سائنس سوسائٹی نے کیا۔ سٹیم کے مقابلوں میں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے

لاہور سے راجن پور تک مسافروں کے لیے محفوظ خوراک کی فراہمی کا عزم

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں کی شبانہ چیکنگ

1 معروف مارٹ بند، 9 کو 2 لاکھ 85 ہزار کے جرمانے عائد، 28 کو وارننگ نوٹس جاری

دوران سفر خوراک سے متعلق شکایات کی صورت میں 1223 پر کال کریں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (خبر نگار) لاہور سے راجن پور تک مسافروں کے لیے محفوظ خوراک کی فراہمی کا عزم لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے ایم پی جرکے ڈاؤن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے شبانہ چیکنگ اور سمبرہ میں 38 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق 1 معروف مارٹ بند کر دیا گیا جبکہ 9 کو 2 لاکھ 85 ہزار کے جرمانے عائد کر کے 28 کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے اور بھاری مقدار میں کھلے بغیر مصالحہ جات، کوکنگ آئل، ایکسپائری بریڈ، گلے سڑے ٹماٹر، پیاز سمیت تلف کر دیے گئے۔ ڈی جی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)





راولپنڈی، 17 سالہ طالبہ غیرت کے نام پر سر کے ہاتھوں قتل

گندم میں رکھنے والی گولیاں کھلا کر قتل کیا گیا، ایف آئی آر طالبہ کی والدہ، والد اور چچا کے بیانات قلم بند

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 17 سالہ طالبہ کو ہونے والے سر نے غیرت کے نام پر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق راولپنڈی کے تھانہ بہارہ کہو کے علاقے سیدگراں میں 17 سالہ فرسٹ ایئر کی طالبہ کے قتل کا مقدمہ طالبہ کی والدہ، والد اور چچا کے بیانات قلم بند کر کے درج کر لیا گیا۔ مقدمہ قتل، جرم کو خفیہ رکھنے والی گولیاں کھلا کر قتل کیا گیا، ایف آئی آر طالبہ کی والدہ، والد اور چچا کے بیانات قلم بند کر کے درج

این اے 117 آئی پی پی رہنماؤں کی اے سی راوی ٹاؤن، ایکسین و اساوہ دیگر سے ملاقات

حلقے میں درپیش بنیادی شہری مسائل پر گفتگو، ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل عبدالعلیم خان کی اولین ترجیح، میاں طارق محمود

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کی جلاوت پر حلقے میں شہریوں کو درپیش پانی بجلی، گیس اور سیوریج سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لئے کوارڈینیٹر این اے 117 میاں خالد محمود کی سربراہی میں اضلاع کا پاکستان پارٹی کے رہنماؤں نے اسی راوی ٹاؤن طارق شیئر، ایکسین واسا عمیر مسعود، ایکسین راوی ٹاؤن ندیم جاوید اور ایس ڈی او راوی ٹاؤن ناصر اقبال سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر جائزہ خیال کیا گیا اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی جس کے جواب میں حفتگو تھا کہ ان کی جانب سے آئی پی پی رہنماؤں کو تمام مسائل کے بروقت حل کی یقین دہانی کرائی گئی۔

کوارڈینیٹر این اے 117 میاں خالد محمود، ناصب صدر آئی پی پی پنجاب میاں جنید ذوالقدار کی اے سی راوی ٹاؤن طارق شیئر، ایکسین واسا عمیر مسعود و دیگر سے ملاقات

شیر افضل مروت کو پارٹی نکالنے کی ہدایات جاری

بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالنے کی ہدایات جاری کردیں

شیر افضل مروت کے صوابی جلسے میں کردار پر پارٹی رہنماؤں نے بانی پی ٹی آئی سے شکایت کی تھی

اسلام آباد (دیب ڈیسک) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالنے کی ہدایات جاری کردیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس حوالے سے سابق وزیراعظم اور بانی چیئرمین عمران خان نے پارٹی رہنماؤں کو ہدایت جاری کی ہیں کہ شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالنے کا فیصلہ کیا جائے۔ عمران خان کی جانب سے دی گئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)



پاکستان سمیت دنیا بھر میں ریڈیو کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

کوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ریڈیو کا عالمی دن (آج) 13 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منائے جانے کا مقصد ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں خبروں اور معلومات کے حصول کیلئے ریڈیو کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے اس دن کے حوالے سے پاکستان بھر کے تمام ریڈیو اسٹیشنز سے مختلف پروگرام نشر کیے جائیں گے جس میں ترقی کے اس جدید دور میں بھی ریڈیو کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ پاکستان بھر میں اس وقت ایف ایم آباد، سمیت دیگر شہروں میں پاکستان ریڈیو اور ایف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

چند برائے مسجد غلہ سے کرنٹ لگنے سے ایک شخص کی ہلاکت، مسجد انتظامیہ کے 6 ممبران کیخلاف مقدمہ درج

چوکی (این این آئی) چوکی چندو برائے مسجد غلہ سے کرنٹ لگنے سے ایک شخص کی ہلاکت کا مقدمہ پولیس نے مسجد انتظامیہ کے 6 ممبران کیخلاف مقدمہ درج کرلیا۔ گزشتہ روز چوکی قوامی والی جنوہ سنگھ والا چک نمبر 13 میں مسجد کے نزدیک برائے سیوریج والے غلہ سے سیوریج پر چوری کرتے ہوئے ایک شخص نور اختر ناتی جانچی ہوگیا تھا جسے انتظامیہ کی جانب سے مسلسل غلہ سے چوری کی روک تھام کیلئے سمجھے نکالنے میں بجلی کا کرنٹ چھوڑا گیا تھا متوفی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

سرگودھا سے تبدیل ہونے والے ڈی پی او کے اعزاز میں الوداعی تقریب

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سے تبدیل ہونے والے ڈی پی او کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا سے تبدیل ہونے والے ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کرنے کا باقت افسران نے انہیں گراں قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

تحریک انصاف مشکل صورتحال کے اندر ہے اسد عمر

انھوں نے آئین کے دائرے کے اندر، قانون کے دائرے کے اندر کہتے کہتے بھی اپنوں زبان کو مل نہیں سکتے ہیں انھیں استعفا کرنا ہے

لیٹر لکھنے سے پہلی بات تو یہ ہو رہی ہے کہ آپ ڈی پی او پروگرام پر مجھ سے سوال پوچھ رہے ہیں، یعنی اس کا مطلب ہے کہ اس خط پر گفتگو شروع ہو گئی۔ فی الحال ڈی ای او کے پروگرام میں کہا گیا کہ ہم نے گفتگو کرنے کے اندر کہتے کہتے بھی انھوں نے کہا کہ تحریک انصاف جو ہے وہ ایک مشکل صورتحال کے اندر ہے، انھوں نے آئین کے دائرے کے اندر، قانون کے دائرے کے اندر کہتے کہتے بھی اپنوں زبان کو مل نہیں سکتے ہیں انھیں استعفا کرنا ہے

اوورسیز پاکستانی شہادت و زخمت سے ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، چوہدری سالک حسین

فلسطینی قیدیوں، زخمیوں کی امداد روکنے کا حکم واپس لینے کا مطالبہ

رقم جس طرح پہلے جاتی تھی اسی طرح دی جائے، فلسطینی حکام کا محمود عباس سے مطالبہ

متوقعہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی اتھارٹی کے صدر محمود عباس کی طرف سے فلسطینی اسیران شہدا کے لواحقین اور زخمی فلسطینیوں کو دی جانے والی ماہانہ امداد روکنے کے حکم کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ یاد رہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے پہلے مرحلے کے تحت فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے بدلے اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کے بدلے میں فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے بدلے میں فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے بدلے میں فلسطینی قید